کمرشل فارمولے

حصہ اول + دوم

(نیا ایڈیشن)

ترتیب وتدوین

منذر وقاص

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
تمہید	3
لالی پاپ	5
نرم مکھن ٹافی بنانے کا کمرشل طریقہ	7
کمپاؤنڈ چاکلیٹ بنانے کا فارمولا	9
جیلی کینڈی بنانے کا کمرشل طریقہ	11
کون جیلی بنانے کا کمرشل فارمولا	13
ناریل کی برفی	15
مونگ پھلی کی چکّی	17
ریڈی مصالحہ مکس کمرشل فارمولے	19
قورمہ مصالحہ مکس	19
بریانی مصالحہ مکس	20
آل پرپز مصالحہ مکس	20
چورن مصالحہ مکس	21
کمرشل نمکین/اسنیکس کوٹنگ مکس	22
ٹرانسپیرنٹ سوپ بیس ہربل صابن کمرشل فارمولا	24
الٹراوہائٹننگ صابن	25
گھریلو واشنگ پاؤڈر	27

پیٹرولیم جیلی بیس لپ بام	29
کولڈ کریم	30
ہیئر آئل بلینڈ	32
فیس واش/کلینزر	34
لیکوئیڈ ڈش واش	36
ملٹی پرپز لیکوئیڈ کلینزر	38
اینٹی بیکٹیریل ہینڈ واش	40
بازاری ایلوویرا جیل	43
لاگت نکالنے کا سادہ طریقہ	45
مناسب منافع کیسے رکھیں	45
پیکنگ کے بنیادی اصول	46
فروخت کے آسان اصول	47
دکان دار اور گاہک کو بیچنے کے آسان طریقے	47
عام غلطیاں جن سے بچنا ضروری ہے	50
اختتامی کلمات	51

تمہید

کمرشل فارمولے پہلے ایڈیشن کی بھرپور کامیابی کے بعد پیش خدمت ہے کمرشل فارمولے سیکنڈ ایڈیشن

ہر بڑے کاروبار کی ابتدا ایک چھوٹے سے قدم سے ہوتی ہے یہ تو فقط اس انسان کی محنت، خلوص اور لگن ہوتا ہے جو اس ننھے سے پودے کو ایک تناور درخت کی شکل میں کھڑا کرتا ہے۔

یہ کتاب کسی بڑے بزنس پلان، لمبے لیکچرز یا موٹی موٹی تھیوری کے لیے نہیں لکھی گئی۔ یہ کتاب اُن لوگوں کے لیے ہے جو یہ سوچتے ہیں کہ

"اگر چیز روز کی ضرورت ہے تو وہ بکے گی بھی" اور "اگر چیز گھر میں بن سکتی ہے تو اس سے کمائی بھی ہو سکتی ہے"

پاکستان میں زیادہ تر لوگ کاروبار اس لیے شروع نہیں کرتے کہ اُنہیں بزنس آتا نہیں، بلکہ اس لیے کہ انہیں کہاں سے شروع کرنا ہے یہ سمجھ نہیں آتا۔ یہ کتاب اسی کنفیوژن کو ختم کرنے کے لیے لکھی گئی ہے

کمرشل فارمولہ کیا ہوتا ہے؟

کمرشل فارمولہ، ریسیپی نہیں ہوتا۔ ریسیپی یہ بتاتی ہے کہ ذائقہ کیسا ہو؟ رنگ کیسا ہو؟ پکانے کا انداز کیا ہو؟ جبکہ کمرشل فارمولہ یہ بتاتا ہے کہ چیز کم خرچ میں کیسے بنے؟ کتنی مقدار بنے؟ کتنی لاگت آئے؟ اور کتنے میں بیچی جا سکے؟

اس کتاب میں جو بھی فارمولے دیے گئے ہیں، ان کا مقصد یہ نہیں کہ آپ بہترین شیف یا ماہر کیمیا گر بن جائیں، بلکہ یہ ہے کہ آپ سادگی کے ساتھ قابلِ فروخت پروڈکٹ تیار کر سکیں

یہ کتاب کن لوگوں کے لیے ہے؟

یہ کتاب کسی مخصوص طبقے کے لیے نہیں لکھی گئی۔ اگر آپ گھر بیٹھ کر کچھ شروع کرنا چاہتے ہیں تھوڑے پیسوں سے کام شروع کرنا چاہتے ہیں۔ فوڈ، صابن، یا لیکوئیڈ پروڈکٹس میں دلچسپی رکھتے ہیں یا پہلے سے کچھ بنا کر بیچ رہے ہیں مگر فارمولہ واضح نہیں تو یہ کتاب آپ کے لیے ہے۔ اس میں کوئی ایسا فارمولہ نہیں جس کے لیے فیکٹری چاہیے، مہنگی مشینری چاہیے یا کسی ڈگری کی شرط ہو۔

اس کتاب کو کیسے استعمال کریں؟

اس کتاب کو شروع سے آخر تک پڑھنا لازمی نہیں۔ آپ کسی ایک پروڈکٹ کا انتخاب کریں اس کا فارمولہ سمجھیں تھوڑی مقدار میں بنا کر دیکھیں اور پھر آہستہ آہستہ کام بڑھائیں۔ یہ کتاب ایک ہی دن میں امیر بنانے کا دعویٰ نہیں کرتی، لیکن یہ ضرور بتاتی ہے کہ "صحیح چیز بنے گی تو وہ بکے گی"

ایک اہم بات (ضروری تنبیہ)

اس کتاب میں دیے گئے تمام فارمولے گھریلو اور چھوٹے پیمانے کے لیے ہیں۔ سادہ اور آزمودہ طریقوں پر مبنی ہیں۔ یہ کتاب طبی دعوے نہیں کرتی، علاج کی ضمانت نہیں دیتی اور نہ ہی کسی کی صحت کے بارے میں وعدے کرتی ہے۔

ہر قاری کی ذمہ داری ہے کہ صفائی کا خیال رکھے، مناسب ناپ تول استعمال کرے اور چیز کو فروخت سے پہلے خود آزما کر دیکھے۔

مزید کاروباری معاملات، پریکٹیکل فارمولیشن اور مشینری کی معلومات کے لئے ہمارا یوٹیوب اور فیس بک پر ہمارے چینل وزٹ کریں (Business School)

منذر وقاص

munzirwaqas@gmail.com

لالی پاپ

(کمرشل معیار کے ساتھ تیاری)

لالی پاپ ایک شوگر بیسڈ کینڈی ہے، اور شوگر بیسڈ پروڈکٹس میں سب سے اہم چیز ٹمپریچر کنٹرول ہوتی ہے۔ زیادہ تر لوگ لالی پاپ اس لیے خراب کر بیٹھتے ہیں کیونکہ یا تو چینی صحیح درجہ حرارت تک نہیں پہنچتی یا زیادہ گرم ہو کر جل جاتی ہے اسی لیے اس باب میں ہم آنکھ کے اندازے پر نہیں، بلکہ درجہ حرارت کے حساب سے کام کریں گے

اجزاء (Commercial Ingredients)

چینی	1000 گرام
گلوکوز سیرپ	400 گرام
پانی	150 ملی لیٹر
سٹرک ایسڈ	2 گرام
فوڈ فلیور	1 گرام
فوڈ کلر	0.2 گرام

نوٹ: گلوکوز سیرپ شوگر کو crystallize ہونے سے بچاتا ہے اور شفافیت بڑھاتا ہے

درکار آلات (Basic Commercial Tools)

1۔ موٹے پیندے والا پین

2۔ تھرمامیٹر (Candy Thermometer)

3۔ سلیکون یا میٹل مولڈز

4۔ لکڑی یا اسٹیل اسپاتولا / چمچہ

بنانے کا کمرشل طریقہ (Process with Temperature)

مرحلہ 1: شوگر سلوشن کی تیاری

پین میں چینی اور پانی ڈالیں درمیانی آنچ پر گرم کریں ہلکا ہلکا ہلاتے رہیں۔ 100°C درجہ حرارت تک پکائیں۔ اس مرحلے پر چینی مکمل گھل جاتی ہے۔

مرحلہ 2: گلوکوز شامل کرنا

جب مکسچر صاف اور شفاف ہوجائے گلوکوز سیرپ شامل کریں۔ درجہ حرارت 110°C ہونے کی اسٹیج شوگر کو smooth بناتا ہے۔

مرحلہ 3: کینڈی اسٹیج (Hard Crack Stage)

اب مکسچر کو بغیر ہلائے پکنے دیں۔ درجہ حرارت 150°C تک پکائیں، یہی وہ درجہ حرارت ہے جہاں لالی پاپ صحیح طرح جمتی ہے نمی جذب نہیں کرتی اور چپچپی نہیں بنتی۔ 150°C سے اوپر نہ جانے دیں ورنہ چینی جلنے لگے گی اور رنگ خراب ہوجائے گا۔

مرحلہ 4: فلیور اور ایسڈ شامل کرنا

آنچ بند کریں اور 140C پر ہونے پر سٹرک ایسڈ، کلر اور فلیور شامل کریں اس درجہ حرارت پر فلیور جلتا نہیں۔

مرحلہ 5: مولڈنگ

فوراً مکسچر کو مولڈز میں ڈالیں اسٹکس لگائیں۔ یہ مرحلہ تیز کرنا ضروری ہے، کیونکہ چینی تیزی سے سخت ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ ٹھنڈا کرنے کے لئے کمرے کے درجہ حرارت پر رکھیں پانی یا فریج استعمال نہ کریں

اصل منافع quantity بڑھانے wastage کم کرنے اور standard size رکھنے سے نکلتا ہے۔

کمرشل ٹِپ (Important)

اگر لالی پاپ:

- دھندلی ہوتو درجہ حرارت کم تھا
- چپچپی ہو Hard Crack stage مکمل نہیں ہوئی
- کڑوی ہوتو چینی جل گئی

لالی پاپ میں **90** فیصد مسئلہ **temperature** کا ہوتا ہے۔

لالی پاپ کے مولڈز، سٹک، تھرمامیٹر، ریپر و دیگر میٹریل خریدنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں

0324 4449589

مارکیٹنگ ٹپس، بزنس آئیڈیاز وغیرہ کے لئے (Business School) چینل فالو کریں

نرم مکھن ٹافی بنانے کا کمرشل طریقہ

بیچ سائز

یہ ریسپی تقریباً ڈیڑھ کلو تیار ٹافی دیتی ہے

خام مال(Raw Material)

چینی-------------------------700 گرام

گلوکوز سیرپ---------------------- 400 گرام

فل کریم دودھ---------------------- 300 ملی لیٹر

مکھن(Unsalted Butter)----------------120 گرام

دودھ پاؤڈر(Full Cream)------------80 گرام

سٹرک ایسڈ---------------------- 2 گرام

ونیلا/ بٹر فلیور----------------------4 گرام

نمک-------------------------5- گرام

پانی------------------------- 100 ملی لیٹر

پکانے سے پہلے کی تیاری

موٹے پیندے کی دیگچی(Heavy Bottom Pan)

فوڈ تھرمامیٹر لازمی

لکڑی یا سلیکون اسپیچولا

ماربل/ اسٹیل شیٹ ہلکی چکنائی کے ساتھ

کمرشل کوکنگ پروسیس (اہم حصہ)

اسٹیج 1: چینی+ پانی + دودھ درمیانی آنچ پر مسلسل ہلاتے رہیں درجہ حرارت 105 110°C ہونے پر چینی مکمل گھل جائے گی

اسٹیج 2: 110C ٹمپریچر ہونے پر گلوکوز سیرپ شامل کریں اچھی طرح مکس ہوجانے پر دودھ پاؤڈر تھوڑا تھوڑا ڈالیں۔ آنچ درمیانی سے ہلکی رکھیں۔

درجہ حرارت 115 سے 118°C ہونے پر مکسچر گاڑھا ہونا شروع کرے گا

اسٹیج3:اس سٹیج پر مکھن شامل کریں اور مسلسل ہلاتے رہیں۔درجہ حرارت 120 سے 122C تک جانے پر آنچ بند کر دیں۔ اس سے اوپر گئے تو ٹافی سخت ہوجائے گی 118°C سے کم رکھا تو ٹافی چپچپی رہے گی۔یہی وہ پوائنٹ ہے جہاں بازار جیسی نرم ٹافی بنتی ہے

اسٹیج4: آنچ بند کریں سائٹرک ایسڈ،نمک،فلیورڈالیں 20 سے 30 سیکنڈ ہلکا مکس کریں

سیٹنگ اور شیپ دینا

مکسچر کو ہلکی گرم حالت (90-95°C) میں آئل لگی شیٹ پر ڈالیں 3 سے 4 منٹ بعد لمبی پٹی بنائیں،کٹر یا رولنگ مشین سے کاٹیں

کولنگ اور پیکنگ

کمرہ کا درجہ حرارت 25 سے 30°C پر رکھ دیں اسے مکمل ٹھنڈا ہونے میں :20 سے 25 منٹ درکار ہوں گے
ویکس پیپر/ بٹر پیپر میں لپیٹیں

کمرشل کوالٹی کنٹرول پوائنٹس

نرم لیکن چپچپی نہیں
دانت سے کاٹنے پر چپکے نہیں
گرمی میں بہے نہیں
ذائقہ ہر بیچ میں ایک جیسا

مارکیٹنگ ٹپس، بزنس آئیڈیاز اور کاروباری راز جاننے کے لئے ہمارا یوٹیوب اور فیس بک پیج (Business School) لازمی وزٹ کریں

کمپاؤنڈ چاکلیٹ بنانے کا فارمولا

بیچ سائز: تقریباً 1 کلو تیار کمپاؤنڈ چاکلیٹ

خام مال (Exact Measurement)

ویجیٹیبل فیٹ / پام فیٹ (Chocolate Fat)---400 گرام

آئسنگ شوگر (باریک پسی)---------------350 گرام

کوکو پاؤڈر (ڈارک)------------------200 گرام

دودھ پاؤڈر (اختیاری Milk Note کیلئے)------30 گرام

ونیلا / چاکلیٹ فلیور--------------------0.4 گرام

نمک-------------------------5- گرام

لیکتھین (Soy Lecithin اگر دستیاب ہو)------2 گرام

لیکتھین سے چاکلیٹ زیادہ ہموار کم چپچپی مولڈ میں بہتر بیٹھتی ہے

ضروری آلات

ڈبل بوائلر یا ہلکی آنچ والی دیگچی

فوڈ تھرمامیٹر

اسپاتولا

چاکلیٹ کے مولڈ

مکمل پروسس

اسٹیج 1: فیٹ پگھلانا

ویجیٹیبل فیٹ ڈالیں ڈبل بوائلر والے برتن میں اور اسے 55 سے 60C درجہ حرارت تک پگھلا لیں۔ اس سے اوپر نہ جائے ورنہ فیٹ جل گیا تو ذائقہ خراب ہوجائے گا

اسٹیج 2: کوکو پاؤڈر شامل کرنا

آنچ ہلکی رکھیں۔ کوکو پاؤڈر تھوڑا تھوڑا شامل کریں۔ مسلسل مکس کرتے رہیں اس سٹیج پر درجہ حرارت برقرار 50□55°C ا

اسٹیج 3: شوگر اور باقی اجزاء

آئسنگ شوگر شامل کریں، دودھ پاؤڈر (اگر استعمال کر رہے ہو) شامل کریں، نمک اور لیکتھین شامل کریں۔ مکسچر مکمل ہموار ہونا چاہیے کوئی دانہ محسوس نہ ہو

اسٹیج 4: فلیورنگ

آنچ بند کریں ونیلا/ چاکلیٹ فلیور شامل کریں اور 30 سیکنڈ تک مکس کریں

کمپاؤنڈ چاکلیٹ سیٹنگ (No Tempering Needed): یہی کمپاؤنڈ چاکلیٹ کا فائدہ ہے ٹیمپرنگ نہیں کرنی پڑتی مولڈ میں 45 سے 48°C پر ڈالیں اور ہلکا ہلکا ٹیپ کریں تا کہ سطح برابر ہو جائے۔ جمنے کے لئے روم ٹیمپریچر پر رکھیں۔ یہ چاکلیٹ 15 سے 20 منٹ میں تیار حالت میں بن جائے گی۔

ڈی مولڈنگ اور پیکنگ

مکمل ٹھنڈا ہونے پر چاکلیٹ خود مولڈ چھوڑ دے گی۔ فوراً پیک کریں اور نمی سے بچائیں

کمرشل کوالٹی پوائنٹس

گرمی میں دیر سے پگھلتی ہے، چمک مناسب، مولڈ میں آسان، لاگت کم، مارجن زیادہ

عام غلطیاں

عام دانے دار چینی استعمال کرنا

زیادہ تیز آنچ

فلیور شروع میں ڈال دینا

نمی والے ماحول میں کام کرنا

چاکلیٹ کے سلیکان مولڈ خریدنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں

03244449589

جیلی کینڈی بنانے کا کمرشل طریقہ

بیچ سائز: یہ فارمولا تقریباً 2 کلو تیار جیلی کینڈی دیتا ہے

خام مال (Exact Measurement)

چینی (Sugar)------------------------------ 900 گرام

گلوکوز سیرپ------------------------600 گرام

پانی------------------------- 350 ملی لیٹر

جیلاٹن پاؤڈر (Bloom200)------------- 80 گرام

سائٹرک ایسڈ----------------------6 گرام

فوڈ کلر------------------------حسبِ ضرورت

فوڈ فلیور (اسٹرابیری/ اورنج/ لیموں)-----------8 گرام

کارن اسٹارچ (مولڈ کیلئے)--------------حسبِ ضرورت

آئل (مولڈ گریسنگ کیلئے)----------------تھوڑا سا

نوٹ: جیلاٹن کی Bloom ویلیو کم ہو تو جیلی نرم رہے گی، زیادہ ہو تو جیلی سخت ہو جائے گی اسی لیے 180 سے Bloom200 بہترین ہے

ضروری آلات

Heavy Bottom دیگچی

فوڈ تھرمامیٹر (لازمی)

سلیکون/لکڑی اسپاتولا

جیلی مولڈ یا اسٹارچ مولڈ ٹرے

ڈی ہیومیڈیفائر یا خشک کمرہ (بہتر کوالٹی کیلئے)

تیاری سے پہلے (Pre-Preparation) جیلاٹن Bloom کرنا:

جیلاٹن 80 گرام کو ٹھنڈا پانی 200 ملی لیٹر میں 20 منٹ کیلئے چھوڑ دیں (پانی جذب ہو کر جیلاٹن پھول جائے گا)

کمرشل کوکنگ پروسس

اسٹیج 1 شوگر سیرپ بنانا

دیگچی میں: چینی، گلوکوز سیرپ اور پانی درمیانی آنچ پر پکائیں یہاں تک کہ چینی مکمل حل ہو جائے اور شفاف سیرپ بن جائے

اسٹیج 2 جیلاٹن شامل کرنا

آنچ ہلکی کریں Bloom کیا ہوا جیلاٹن شامل کریں۔ مسلسل ہلاتے رہیں۔ درجہ حرارت کنٹرول رکھیں 100°C سے اوپر گیا تو جیلاٹن کمزور ہو جائے گا

اسٹیج 3 فلیور اور ایسڈ

آنچ بند کریں سائٹرک ایسڈ شامل کریں۔ فوڈ کلر+فلیور ڈالیں 20 سیکنڈ مکس کریں

مولڈنگ (اصل جیلی شیپ)

طریقہ 1 سلیکون مولڈ: مولڈ ہلکا سا آئل کریں مکسچر 90°C پر ڈالیں ہلکا ٹیپ کریں تاکہ سطح برابر ہو جائے

طریقہ 2: اسٹارچ مولڈ (مارکیٹ اسٹینڈرڈ) کارن اسٹارچ ٹرے میں پھیلائیں انگلی یا مولڈ سے شیپس بنائیں جیلی مکسچر ڈالیں

سیٹنگ اور ڈرائنگ

کمرہ کا درجہ حرارت: 22 سے 28°C نمی (Humidity) 50 سے 55 فیصد

سیٹ ہونے کا وقت: سلیکون مولڈ: 5 گھنٹے۔۔۔ اسٹارچ مولڈ: 10 گھنٹے

ڈی مولڈنگ اور فنشنگ

جیلی نکالیں ہلکا سا آئل کوٹنگ یا چینی کی باریک تہہ (چپکنے سے بچانے کیلئے) لگائیں

کوالٹی کنٹرول پوائنٹس

جیلی شفاف ہو۔۔ چپچپی نہ ہو۔۔۔ دانت سے کاٹنے پر اسٹرچ آئے۔۔۔ پسینہ (Sweating) نہ کرے۔۔۔

عام مارکیٹ غلطیاں

جیلاٹن زیادہ گرم کر دینا۔۔۔ سائٹرک ایسڈ شروع میں ڈالنا۔۔ نمی والے کمرے میں پیکنگ۔۔۔ درست Bloom ویلیو نہ لینا

کون جیلی بنانے کا کمرشل فارمولا

بیچ سائز: تقریباً 2 کلو تیار لیکویڈ جیلی 1

خام مال

چینی (Sugar)----------------850 گرام

گلوکوز سیرپ-------------------650 گرام

پانی----------------------400 ملی لیٹر

کارن اسٹارچ------------------70 گرام

جیلاٹن پاؤڈر (Bloom180)----------35 گرام

سائٹرک ایسڈ--------------------5 گرام

سوڈیم بینزوئیٹ------------------1 گرام

فوڈ فلیور-----------------------2 گرام

فوڈ کلر------------------------ 1 گرام

"یہی Gelatin Combination+Corn Starch اس جیلی کو سلائم جیسی باڈی دیتا ہے نہ بہے، نہ جمے"

ضروری آلات

Heavy Bottom دیگچی

فوڈ تھرمامیٹر (لازمی)

وِسک/اسپاتولا

سکوئیز بوتل یا فلنگ جگ

پلاسٹک کون (Cone)

Pre-Preparation (اہم)

جیلاٹن Bloom کرنا: جیلاٹن 35 گرام ٹھنڈا پانی 120 ملی لیٹر میں ڈال کر 20 منٹ چھوڑ دیں

کارن اسٹارچ سلری: کارن اسٹارچ 70 گرام ٹھنڈا پانی 150 ملی لیٹر میں اچھی طرح گھول لیں (کوئی گٹھلی نہ ہو)

کمرشل کوکنگ پروسس

اسٹیج 1: دیگچی میں چینی گلوکوز سیرپ اور باقی پانی ڈال کر درمیانی آنچ پر درجہ حرارت 110°C تک پکائیں یہاں تک کہ سیرپ شفاف ہوجائے

اسٹیج 2: آنچ درمیانی رکھیں کارن اسٹارچ سلری آہستہ آہستہ شامل کریں مسلسل وِسک کریں درجہ حرارت 95°C مکسچر گاڑھا، چمکدار اور لچکدار ہوجائے گا

اسٹیج 3: آنچ ہلکی کریں Bloom کیا ہوا جیلاٹن ڈالیں اچھی طرح مکس کریں درجہ حرارت کنٹرول 95°C 90°C سے اوپر نہ جائے ورنہ جیلاٹن کمزور پڑ جائے گا

اسٹیج 4: آنچ بند کریں سائٹرک ایسڈ، سوڈیم بینزوئیٹ، فلیور+کلر 20 سیکنڈ مکس کریں

درست Consistency چیک (بہت اہم)

جیلی گرم حالت میں چمچ سے موٹی دھار میں گرائیں۔ ٹھنڈی ہونے پر سلائم جیسی اسٹریچ ہو اور بہے نہیں۔

اگر زیادہ پتلی ہو 10-15 گرام مزید اسٹارچ سلری شامل کرکے 2 منٹ پکائیں۔

اگر زیادہ سخت ہو تو 30-40 ملی لیٹر گرم پانی شامل کریں

فلنگ (Cone)

فلنگ ٹمپریچر: 70-75°C کون فوراً بند کریں الٹا کھڑا کرکے ٹھنڈا کریں

کولنگ اور اسٹورتیج کمرہ: 22-28°C م

مکمل سیٹ: 4 گھنٹے

شیلف لائف: 45-60 دن

کوالٹی کنٹرول پوائنٹس

سلائم جیسی اسٹریچ، نہ جمے، نہ پانی چھوڑے -- کھٹے میٹھے کا بیلنس --- کون میں لیک نہ کرے

عام مارکیٹ غلطیاں

جیلاٹن کو زیادہ گرم کرنا، اسٹارچ ایک ساتھ ڈال دینا، گرم حالت میں یا دیر سے پیکنگ کرنا، Preservative چھوڑ دینا

ناریل کی برفی

بیچ سائز: یہ فارمولا تقریباً اڑھائی کلو تیار برفی دیتا ہے

خام مال

ڈیسیکیٹڈ ناریل (خشک ناریل پاؤڈر-------------600 گرام

چینی---------------------------900 گرام

گلوکوز سیرپ -------------------------------300 گرام

پانی ---------------------------------------350 ملی لیٹر

ویجیٹیبل فیٹ/ بناسپتی--------------------120 گرام

دودھ پاؤڈر (لوفیٹ-----------------------80 گرام

کارن اسٹارچ -------------------------------30 گرام

سائٹرک ایسڈ ---------------------------------3 گرام

ناریل فلیور-------------------------4- سے 5 گرام

نوٹ: گلوکوز سیرپ، فیٹ اور کارن اسٹارچ اس فارمولے کی بنیاد ہیں۔ یہی اجزاء لاگت کم رکھتے ہیں، وزن بڑھاتے ہیں اور برفی کو زیادہ سخت ہونے سے بچاتے ہیں۔

ضروری آلات

موٹے پیندے کی دیگچی

فوڈ تھرمامیٹر

لکڑی یا سلیکون اسپاتولا

اسٹیل یا ماربل ٹرے (ہلکی گریس لگی ہوئی)

تیز چھری یا کٹر

پری پریپریشن

کارن اسٹارچ سلری تیار کریں:

کارن اسٹارچ 30 گرام کو پانی 80 ملی لیٹر میں اچھی طرح مکس کریں، گٹھلی نہ رہے۔

کمرشل کوکنگ پروسس

اسٹیج نمبر 1: دیگچی میں چینی، گلوکوز سیرپ اور پانی ڈالیں۔ درمیانی آنچ پر پکائیں۔ درجہ حرارت 108 سے 110 ڈگری سینٹی گریڈ تک پکائیں اس سٹیج پر چینی مکمل حل ہوجائے گی اور سیرپ صاف نظر آئے گا

اسٹیج نمبر 2: آنچ درمیانی رکھیں۔ ویجیٹیبل فیٹ شامل کریں۔ دودھ پاؤڈر ڈالیں۔ کارن اسٹارچ سلری آہستہ آہستہ شامل کریں اور مسلسل ہلاتے رہیں۔ درجہ حرارت 95 سے 100 ڈگری سینٹی گریڈ۔ مکسچر ہلکا گاڑھا اور کریمی ہوجائے گا۔

اسٹیج نمبر 3: ڈیسیکیٹڈ ناریل شامل کریں۔ مسلسل اسٹر کریں تاکہ ناریل نیچے نہ لگے۔ درجہ حرارت 100 سے 102 ڈگری سینٹی گریڈ تک قائم رکھیں۔ مکسچر دیگچی چھوڑنے لگے گا اور اسپاتولا پر جم کر آئے گا۔

اسٹیج نمبر 4: آنچ بند کریں۔ سائٹرک ایسڈ شامل کریں۔ ناریل فلیور ڈالیں۔ 20 سیکنڈ اچھی طرح مکس کریں۔ تیار مکسچر فوراً گریس لگی ٹرے میں پھیلا دیں۔ موٹائی تقریباً 12 سے 14 ملی میٹر رکھیں۔ 5 سے 7 منٹ بعد ہلکے ہاتھ سے کٹنگ کے نشان لگا دیں۔

12 سے 15 منٹ بعد مکمل کٹائی کرلیں۔ کولنگ کمرے کا درجہ حرارت 25 سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ ہو۔ مکمل ٹھنڈا ہونے میں تقریباً 30 سے 40 منٹ لگتے ہیں۔

سادہ پلاسٹک ریپر میں پیکنگ: ریپر عام شفاف پلاسٹک شیٹ (30 سے 40 مائیکرون) وزن 5 روپے والی برفی 5 سے 6 گرام 10 روپے والی برفی 9 سے 10 گرام

پیکنگ طریقہ: ہاتھ سے لپیٹ کر یا سادہ ہیٹ سیلر سے بند کریں۔

نوٹ: برفی مکمل ٹھنڈی ہونے کے بعد ہی پیک کریں، ورنہ پسینہ آئے گا۔

کوالٹی کنٹرول پوائنٹس

برفی دانت سے آسانی سے ٹوٹ جائے، چپچپی نہ ہو، پسینہ نہ آئے ,2 سے 3 دن عام دکان پر خراب نہ ہو، جلنے یا کچے ناریل کی بو نہ آئے،

عام مارکیٹ غلطیاں

ناریل زیادہ ڈال دینا جس سے لاگت بڑھ جاتی ہے

پانی زیادہ ڈال دینا جس سے برفی نرم ہوجاتی ہے

سائٹرک ایسڈ شروع میں ڈالنا، گرم حالت میں پلاسٹک ریپر بند کرنا

مونگ پھلی کی چکّی

کم لاگت، زیادہ منافع کمرشل طریقہ تیاری (5اور10 روپے میں فروخت)

بیچ سائز: یہ فارمولا تقریباً 3 کلو تیار چکّی دیتا ہے جو تقریباً 300 عدد (10 روپے والی) یا 600 عدد (5 روپے والی) کے برابر بنتی ہے۔

خام مال

مونگ پھلی (بھنی ہوئی، چھلکا اترا ہوا)----------------ڈیڑھ کلو

کلو چینی ---------------------------- سوا کلو

گلوکوز سیرپ-------------------------250 گرام

پانی---------------------------------150 ملی لیٹر

ویجیٹیبل فیٹ/ بناسپتی----------------------30 گرام

سائٹرک ایسڈ--------------------------2 گرام

بیکنگ سوڈا----------------------------1 گرام

نمک---------------------------------1 گرام

نوٹ: چینی کے ساتھ تھوڑی مقدار میں گلوکوز سیرپ شامل کرنے سے چکّی زیادہ سخت نہیں ہوتی، ٹوٹنے میں آسان رہتی ہے اور وزن بھی بہتر آتا ہے۔

ضروری آلات

موٹے پیندے کی دیگچی

فوڈ تھرمامیٹر

لکڑی یا سلیکون اسپاتولا

اسٹیل یا ماربل شیٹ (ہلکی گریس لگی)

بیلن یا رولر

تیز چھری یا کٹر

پری پریپریشن

مونگ پھلی کو ہلکی آنچ پر پہلے سے گرم رکھیں۔ٹھنڈی مونگ پھلی ڈالنے سے چِکّی صحیح نہیں بیٹھتی۔

کمرشل کوکنگ پروسس

اسٹیج نمبر 1: دیگچی میں چینی اور پانی ڈالیں۔درمیانی آنچ پر پکائیں۔درجہ حرارت 110 سے 112 ڈگری سینٹی گریڈ پر چینی مکمل حل ہوجائے گی اور سیرپ صاف ہوجائے گا۔

اسٹیج نمبر 2: اب گلوکوز سیرپ شامل کریں۔آنچ درمیانی رکھیں۔درجہ حرارت 145 سے 150 ڈگری سینٹی گریڈ یہ ہارڈ کریکن اسٹیج ہے یہی اسٹیج چکّی کو صحیح کرسپ بناتا ہے۔

اسٹیج نمبر 3: آنچ بند کریں۔ویجیٹیبل فیٹ شامل کریں۔نمک ڈالیں۔بیکنگ سوڈا اور سائٹرک ایسڈ شامل کریں۔تیزی سے مکس کریں۔اسٹیج کے فوراً بعد جھاگ بنے گی،یہ نارمل ہے۔

اسٹیج نمبر 4: فوراً گرم مونگ پھلی شامل کریں۔اچھی طرح مکس کریں تاکہ ہر دانہ کوٹنگ میں آجائے۔

ےمکسچر فوراً گریس لگی شیٹ پر ڈالیں۔بیلن سے پھیلا دیں۔موٹائی تقریباً 8 سے 10 ملی میٹر رکھیں۔1 سے 2 منٹ بعد کٹنگ کے نشان لگادیں۔5 سے 7 منٹ بعد مکمل کٹائی کرلیں۔

کولنگ کمرے کا درجہ حرارت 25 سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ مکمل ٹھنڈا ہونے میں 20 سے 25 منٹ لگتے ہیں۔

سادہ پلاسٹک ریپر میں پیکنگ ریپر عام شفاف پلاسٹک شیٹ

وزن 5 روپے والی چِکّی 6 سے 7 گرام

10 روپے والی چِکّی 12 سے 14 گرام

پیکنگ ہاتھ سے لپیٹ کر یا سادہ ہیٹ سیلر سے بند کریں۔

کوالٹی کنٹرول پوائنٹس

چِکّی کرسپ ہو،چپچپی نہ ہو-- دانت سے آسانی سے ٹوٹے -- سفید شکر جمنے کے نشان نہ آئیں -- ذائقہ جلنے والا نہ ہو

عام مارکیٹ غلطیاں

ہارڈ کریکن اسٹیج سے پہلے مونگ پھلی ڈال دینا،بیکنگ سوڈا زیادہ ڈال دینا،چینی کو زیادہ جلا دینا،ٹھنڈی مونگ پھلی استعمال کرنا

ریڈی مصالحہ مکس کمرشل فارمولے

عمومی ہدایات: (تمام مصالحہ مکس کے لیے) تمام مصالحے مکمل خشک ہونے چاہئیں۔

پسائی ہمیشہ باریک (Fine Powder) ہونی چاہیے۔

پسنے کے بعد مصالحہ چھاننا ضروری ہے۔

نمی سے بچاؤ کے لیے ایئر ٹائٹ ڈبوں میں رکھیں۔

مشینری: ڈرائی گرائنڈر/مصالحہ چکی، اسٹین لیس اسٹیل ٹرے، چھلنی، ڈیجیٹل وزن مشین،

قورمہ مصالحہ مکس

(1 کلو تیار مصالحہ)

دھنیا خشک------------------300 گرام

زیرہ -------------------150- گرام

سفید زیرہ-------------------50 گرام

دار چینی--------------------60- گرام

چھوٹی الائچی------------------40 گرام

لونگ----------------------30- گرام

جائفل---------------------10- گرام

جاوتری-------------------10- گرام

کالی مرچ------------------120- گرام

سونف--------------------80- گرام

تیز پات-------------------30- گرام

نوٹ: یہ مکس خوشبودار اور ہلکا رکھا جاتا ہے تاکہ گریوی غالب رہے۔

بریانی مصالحہ مکس

(1 کلو تیار مصالحہ)

لال مرچ خشک-----------------250 گرام

دھنیا خشک-------------------200 گرام

زیرہ----------------------120 گرام

کالی مرچ--------------------100 گرام

دارچینی----------------------80 گرام

چھوٹی الائچی------------------60 گرام

لونگ----------------------50- گرام

بڑی الائچی-------------------40 گرام

تیزپات----------------------40 گرام

سونف----------------------40 گرام

جائفل----------------------10 گرام

جاوتری---------------------10 گرام

نوٹ: بریانی مصالحہ تیز، خوشبودار اور قدرے مرچ دار ہونا چاہیے۔

آل پرپز مصالحہ مکس

دھنیا خشک--------------------350 گرام

زیرہ-------------------------200 گرام

لال مرچ-----------------------200 گرام

ہلدی-------------------------80 گرام

کالی مرچ----------------------80 گرام

ادرک پاؤڈر--------------------50 گرام

لہسن پاؤڈر------------------------40 گرام

جائفل---------------------------10 گرام

نوٹ: یہ مصالحہ سالن، سبزی، دال اور فرائی ہر جگہ استعمال ہوسکتا ہے۔

چورن مصالحہ مکس

سونف-----------------------300 گرام

زیرہ------------------------200 گرام

دھنیا خشک----------------------150 گرام

امچور پاؤڈر---------------------150 گرام

کالا نمک-----------------------120 گرام

سفید نمک-----------------------60 گرام

اجوائن--------------------------20 گرام

ہینگ---------------------------5 گرام

نوٹ: چورن مصالحہ ہمیشہ ہلکی آنچ پر ہلکا سا بھونا جائے پھر پیسا جائے تا کہ خوشبو بہتر آئے۔

پیکنگ کا کمرشل طریقہ

پیک سائز 25 گرام 50 گرام 100 گرام پیکنگ میٹریل لیمینیٹ پاؤچ یا سادہ پولی پیک+لیبل

شیلف لائف 6 سے 9 ماہ (خشک اور ٹھنڈی جگہ پر)

کوالٹی کنٹرول پوائنٹ

مصالحہ خوشبودار ہو، رنگ قدرتی ہو، نمی یا ڈلیاں نہ بنیں، ذائقہ تلخ نہ ہو

ہر طرح کی کمرشل پرنٹنگ (پاوچ، لیبل، ڈبہ، سٹیکر وغیرہ) ریڈی میڈ اور اپنی مرضی کا تیار کروانے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں 0324-4449589

کمرشل نمکین/اسنیکس کوٹنگ مکس

(آلو چپس، مونگ پھلی، دال موٹھ، فرائز، چکن اسنیکس کے لئے)

خام مال

بیسن-------------------------400 گرام

کارن فلور-----------------------250 گرام

چاول کا آٹا-----------------------200 گرام

نمک-------------------------80 گرام

لال مرچ پاؤڈر--------------------25 گرام

کالی مرچ پسی---------------------15 گرام

سفید زیرہ پسا ----------------------10 گرام

لہسن پاؤڈر -----------------------10 گرام

پیاز پاؤڈر-------------------------10 گرام

ہلدی---------------------------5 گرام

بیکنگ سوڈا-------------------------5 گرام

فوڈ گریڈ اینٹی کیکنگ ایجنٹ (یا مکئی کا باریک آٹا)-----5 گرام

بنانے کا طریقہ

تمام خشک اجزاء کو باریک چھلنی سے چھان لیں۔ بڑے ٹب میں ڈال کر 10 سے 15 منٹ اچھی طرح مکس کریں۔ آخر میں اینٹی کیکنگ ایجنٹ شامل کریں تا کہ مکس جمے نہیں۔ ایئر ٹائٹ پیکنگ میں بند کر دیں۔

استعمال کا طریقہ

ڈرائی کوٹنگ: مونگ پھلی یا اسنیکس پر ہلکا سا تیل اسپرے کریں۔ اوپر سے کوٹنگ مکس ڈال کر اچھی طرح ہلائیں۔ ڈیپ فرائی یا ایئر فرائی کریں۔

بیٹر کوٹنگ: کوٹنگ مکس---100 گرام

پانی---تقریباً 130 ملی لیٹر

ہموار بیٹر بنا کر اسنیکس ڈپ کریں اور فرائی کریں۔

کمرشل فائدے:

بہت کم لاگت، شیلف لائف 3 سے 4 ماہ، گھر میں مشین کے بغیر تیاری، مختلف فلیور آسانی سے بن سکتے ہیں، ہوٹل، ریڑھی اور جنرل اسٹور کے لئے بہترین

فلیور ویرینٹس (اختیاری)

چیز فلیور--چیز پاؤڈر 20 گرام شامل کریں

چٹ پٹا--امچور 15 گرام شامل کریں

باربی کیو--بی بی کیو مسالا 25 گرام شامل کریں

یہ ایک ایسی کوٹنگ مکس کا فارمولہ ہے جو مارکیٹ میں بڑے مشہور چپس، چکن، فرائز وغیرہ والے استعمال کرتے ہیں۔ آپ یہ کوٹنگ تیار کر کے مختلف ریڑھی بانوں یا دیگر سٹالز والوں کو بیچ سکتے ہیں۔ رمضان کریم کے مہینے میں گھروں میں بھی اس کی سپلائی دی جا سکتی ہے۔

ٹرانسپیرنٹ سوپ بیس ہربل صابن کمرشل فارمولا

خام مال (تقریباً 1 کلو تیار صابن کے لئے)

ٹرانسپیرنٹ گلیسرین سوپ بیس-------------1000 گرام

ایلوویرا جیل----------------------30 گرام

گلاب کا پانی----------------------20 گرام

ہربل ایکسٹریکٹ (نیم یا ہلدی یا ملتانی مٹی)---------10 گرام

وٹامن ای آئل----------------------5 گرام

خوشبو (ہربل یا فلورل)------------------10 گرام

فوڈ گریڈ کلر----------------------حسب ضرورت

بنانے کا طریقہ

1۔ٹرانسپیرنٹ سوپ بیس کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔

2۔ڈبل بوائلر یا ہلکی آنچ پر آہستہ آہستہ پگھلائیں۔

3۔جب سوپ بیس مکمل پگھل جائے تو چولہا بند کر دیں۔

4۔اب ایلوویرا جیل شامل کریں اور اچھی طرح مکس کریں۔

5۔گلاب کا پانی (عرقِ گلاب) اور ہربل ایکسٹریکٹ شامل کریں۔

6۔اس کے بعد وٹامن ای آئل شامل کریں۔

7۔آخر میں خوشبو اور اگر چاہیں تو تھوڑا سا رنگ شامل کریں۔

8۔مکسچر کو فوراً سانچوں میں ڈال دیں۔

9۔اگر بلبلے بن جائیں تو اوپر سے ہلکا سا الکحل اسپرے کریں۔

10۔صابن کو 2 سے 3 گھنٹے کے لئے سیٹ ہونے دیں۔

نکالنے اور پیکنگ کا طریقہ

صابن مکمل سخت ہو جائے تو سانچوں سے نکال لیں۔ ہر صابن کو کلنگ فلم یا بٹر پیپر میں لپیٹیں۔ بعد میں ریپر یا ڈبے میں پیک کریں۔

کمرشل معلومات

شیلف لائف 12 ماہ، پیداواری لاگت کم، منافع مناسب، جلد کے لئے محفوظ، گھریلو تیاری مگر کمرشل معیار،

ہربل ویرینٹس

نیم صابن: نیم ایکسٹریکٹ 10 گرام

ہلدی صابن: ہلدی ایکسٹریکٹ 8 گرام

ملتانی مٹی صابن: ملتانی مٹی باریک پسی ہوئی 15 گرام

سوپ بیس، مولڈ، ریپر یا ڈبی پرنٹ کروانے کے لئے رابطہ نمبر 03244449589

الٹراوہائٹننگ صابن

ہائی ایکٹیو کمرشل فارمولا

خام مال تقریباً 1 کلو تیار صابن کے لئے

ٹرانسپیرنٹ گلیسرین سوپ بیس------------1000 گرام

کوجک ایسڈ ڈائی پالمیٹیٹ----------------15 گرام

الفا آربیوٹن------------------------20 گرام

نیاسینامائیڈ پاؤڈر---------------------30 گرام

ٹائٹینیم ڈائی آکسائیڈ------------------25 گرام

پروپائلین گلائکول---------------------30 گرام

گلیسرین لیکوئیڈ----------------------40 گرام

وٹامن ای آئل------------------------5 گرام

وائٹ مسک یا ملک خوشبو----------------10 گرام

سفید کلر اگر ضرورت ہو تو 2-----------------گرام

کیمیکلز کا کام

کوجک ایسڈ ڈائی پالمیٹیٹ ڈیپ وہائٹننگ اوراسپاٹ ریموول
الفا آربیوٹن میلین کنٹرول اوراسکن ٹون لائٹننگ
نیاسینامائیڈ برائٹنس جلدی دکھانے کے لئے اوراسکن بیریئر بہتر کرنے کے لئے
ٹائٹینیم ڈائی آکسائیڈ فوری وائٹ لک اور مارکیٹ اپیل

بنانے کا کمرشل طریقہ

1۔سوپ بیس کو چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔
2۔ڈبل بوائلر میں 65 سے 70 ڈگری سینٹی گریڈ پر پگھلائیں۔
3۔علیحدہ برتن میں پروپائلین گلائکول لیں۔ٹمپریچر 45 سے 50 ڈگری سینٹی گریڈ رکھیں۔
4۔اس میں کوجک ایسڈ ڈائی پالمیٹیٹ شامل کریں اورحل کریں۔
5۔پھرالفا آربیوٹن اور نیاسینامائیڈ شامل کرکے مکمل مکس کریں
۔6۔جب سوپ بیس مکمل پگھل جائے تو چولہا بند کریں۔
7۔کیمیکل مکسچر آہستہ آہستہ سوپ بیس میں شامل کریں۔
8۔فوراً ٹائٹینیم ڈائی آکسائیڈ شامل کریں اوراچھی طرح مکس کریں۔
9۔گلیسرین لیکوئیڈ شامل کریں۔
10۔جب ٹمپریچر 45 ڈگری سے نیچے آجائے تو وٹامن ای اورخوشبو شامل کریں۔
11۔مکسچر فوراً سانچوں میں ڈال دیں۔

سیٹنگ اور نکالنا

صابن کو 4 سے 5 گھنٹے سیٹ ہونے دیں۔مکمل سخت ہونے پر سانچوں سے نکال لیں۔
پیکنگ: ہر صابن کو کلنگ فلم میں لپیٹیں۔بعد میں کارڈ بورڈ ڈبہ یا ریپر استعمال کریں۔
لیبل پر لکھیں Ultra Whitening SoapWith Kojic Acid Arbutin Niacinamide

----

ڈبل جیکٹ بوائلر مکسر یا دیگر مشینیں بنوائیں۔03244449589

گھریلو واشنگ پاؤڈر

خام مال تقریباً 5 کلوواشنگ پاؤڈر کے لئے

سوڈا ایش لائٹ---------------1500 گرام

سوڈیم سلفیٹ----------------2000 گرام

سوڈیم لارائل سلفیٹ-------------100 گرام

ایسڈ سلیری------------------400 گرام

ایس ٹی پی پی-----------------300 گرام

سوڈیم سلیکیٹ پاؤڈر--------------200 گرام

آپٹیکل برائٹنر -----------------10 گرام

خوشبو---------------------30 گرام

رنگین دانہ--------------------5 گرام

جز کا کام

سوڈا ایش: میل کچیل توڑنے کے لئے

سوڈیم سلفیٹ: پاؤڈر کو فری فلو اور سستا بنانے کے لئے

ایسڈ سلری: اصل صفائی اور جھاگ کے لئے

ایس ایل ایس: جھاگ بڑھانے کے لئے

ایس ٹی پی پی: پانی کو نرم کرنے اور طاقت بڑھانے کے لئے

سوڈیم سلیکیٹ: کپڑے کی حفاظت اور چمک کے لئے

آپٹیکل برائٹنر: کپڑوں کو سفید اور چمکدار دکھانے کے لئے

بنانے کا طریقہ

1۔کسی صاف پلاسٹک کے ٹب میں سوڈیم سلفیٹ ڈالیں۔

2۔اس میں سوڈا ایش شامل کر کے اچھی طرح مکس کریں۔

3۔اس میں ایس ایل ایس شامل کر کے اچھی طرح مکس کریں۔

4۔اب ایس ٹی پی پی اور سوڈیم سلیکیٹ ڈال کر مکس کریں۔

5۔علیحدہ پیالے میں ایسڈ سلری لیں۔

6۔اس میں تھوڑا سا سوڈا ایش ڈال کر نیوٹرل کریں۔

7۔جب جھاگ بننا بند ہو جائے تو یہ مکسچر تیار ہے۔

8۔یہ مکسچر آہستہ آہستہ پاؤڈر میں شامل کریں۔

9۔اب آپٹیکل برائٹنر شامل کریں۔

10۔خوشبو اور رنگین دانہ شامل کر کے اچھی طرح مکس کریں۔

11۔اگر ڈلے بن جائیں تو جالی سے چھان لیں۔

خشک کرنا

پاؤڈر کو ہوادار جگہ پر 2 سے 3 گھنٹے پھیلا کر رکھیں نمی ختم ہونے پر پیکنگ کریں۔ پیکنگ 500 گرام 1 کلو یا 5 کلو پیک بنائیں۔سادا پلاسٹک بیگ یا پرنٹڈ تھیلی استعمال کریں

نوٹ:

چاہیں تو یہ پاوڈر گھریلو سطح پر بغیر مشین کے بنائیں اور اگر بڑے لیول پر کام کرنا چاہیں تو مکسر اور گریڈر کا استعمال کیا جاسکتا ہے

واشنگ پاوڈر کی تمام مشینری، مکسر، گریڈر، سیلر ہر طرح کی پیکنگ مشین اور ریڈی میڈ یا اپنی مرضی کی سرف کی تھیلیاں بنوانے کے لئے دئے گئے نمبر پر رابطہ کریں

03244449589

کاروباری معلومات، مارکیٹنگ ٹپس، آسان پیکنگ اور سیلز بہتر کرنے کے لئے ہمارا یوٹیوب اور فیس بک پیج

Business School

لازمی وزٹ کریں

پیٹرولیم جیلی بیس لپ بام

خام مال

پیٹرولیم جیلی وائٹ گریڈ----------700 گرام

بیز یکس یا شہد کی موم------------150 گرام

کاسٹر آئل-----------------80 گرام

ناریل کا تیل ریفائنڈ--------------50 گرام

وٹامن ای آئل---------------10 گرام

فلیور آئل اسٹرابیری یا روز یا منٹ---------8 گرام

فوڈ گریڈ کلر-----------------2 گرام

ہر جز کا کام

پیٹرولیم جیلی ہونٹوں کی حفاظت اور نمی برقرار رکھنے کے لئے

بیز ویکس لپ بام کو شکل اور مضبوطی دینے کے لئے

کاسٹر آئل گلوس اور اسمووتھ فیل کے لئے

ناریل کا تیل نرمی اور ہلکی کنڈیشننگ کے لئے

وٹامن ای اینٹی آکسیڈنٹ اور پروڈکٹ اسٹیبلٹی کے لئے

فلیور آئل مارکیٹ اپیل اور خوشبو کے لئے

بنانے کا کمرشل طریقہ

1۔ پیٹرولیم جیلی اور بیس ویکس ایک برتن میں ڈالیں۔

2۔ ڈبل بوائلر پر رکھیں۔

3۔ ٹمپریچر 65 سے 70 ڈگری سینٹی گریڈ رکھیں۔

4۔ جب ویکس مکمل پگھل جائے تو ہلائیں۔

5۔ اب کاسٹر آئل اور ناریل کا تیل شامل کریں۔

6۔ اچھی طرح مکس کریں۔

7۔ چولہا بند کریں۔

8۔ ٹمپریچر 50 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم ہونے دیں۔

9۔ اب وٹامن ای شامل کریں۔

10۔ فلیور آئل اور رنگ شامل کریں۔

11۔ ہلکے ہاتھ سے مکس کریں تا کہ بلبلے نہ بنیں۔

فلنگ کا طریقہ

مکسچر نیم گرم حالت میں لپ بام جار یا اسٹک کنٹینر میں ڈالیں۔ مکمل ٹھنڈا ہونے دیں۔

سیٹنگ

کمرہ کے درجہ حرارت پر 30 سے 45 منٹ میں مکمل سیٹ ہو جاتا ہے۔ پیکنگ 5 گرام 7 گرام یا 10 گرام جار یا اسٹک

کولڈ کریم

خام مال تقریباً 1 کلو کولڈ کریم کے لئے

ریفائنڈ منرل آئل-------------450 گرام

ایمولسفائنگ ویکس-------------150 گرام

سٹیئرک ایسڈ----------------80 گرام

پیرافین ویکس----------------50 گرام

گلیسرین------------------120 گرام

ڈسٹلڈ پانی-----------------130 گرام

بوریکس پاؤڈر----------------5 گرام

وٹامن ای آئل----------------5 گرام

خوشبو روز یا ملک-------------10 گرام

ہر جز کا کام

منرل آئل جلد کو نمی دینے اور نرم رکھنے کے لئے

ایمولسفائنگ ویکس: آئل اور پانی کو جوڑنے کے لئے

سٹیئرک ایسڈ: کریم کو گاڑھا اور اسموتھ بنانے کے لئے

پیرافین ویکس: کولڈ پروٹیکشن اور شیپ کے لئے

گلیسرین: موئسچرلاک کرنے کے لئے

بوریکس: ایمولشن کو مستحکم رکھنے کے لئے

بنانے کا کمرشل طریقہ

آئل فیز

1۔منرل آئل، ایمولسفائنگ ویکس، سٹیئرک ایسڈ، پیرافین ویکس ایک برتن میں ڈالیں۔

2۔ڈبل بوائلر پر رکھیں۔

3۔ٹمپریچر 70 سے 75 ڈگری سینٹی گریڈ رکھیں۔

4۔جب سب اجزاء مکمل پگھل جائیں تو ہلائیں۔

واٹر فیز

5۔دوسرے برتن میں ڈسٹلڈ پانی اور گلیسرین ڈالیں۔

6۔اس میں بوریکس شامل کریں۔

7۔ٹمپریچر 70 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرم کریں۔

ایمولشن بنانا

8۔آئل فیز کو چولہے سے ہٹا دیں۔

9۔واٹر فیز آہستہ آہستہ آئل فیز میں شامل کریں۔

10۔مسلسل ہلائیں تا کہ کریم بنے۔

11۔5 سے 7 منٹ مکسنگ جاری رکھیں۔

کول ڈاؤن

12۔جب ٹمپریچر 45 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم ہو جائے تو وٹامن ای اور خوشبو شامل کریں۔

13۔ہلکے ہاتھ سے مکس کریں۔

کریم نیم گرم حالت میں جار یا ٹیوب میں بھر دیں۔ کمرہ کے درجہ حرارت پر 1 سے 2 گھنٹے میں مکمل سیٹ ہو جاتی ہے۔

ہیئر آئل بلینڈ

بالوں کی نشو ونما اور مضبوطی کا کمرشل فارمولا

خام مال تقریباً 1 کلو ہیئر آئل کے لئے

ناریل کا تیل ریفائنڈ-----------------350 گرام

سرسوں کا تیل-------------------200 گرام

بادام کا تیل--------------------150 گرام

ارنڈی کا تیل-------------------100 گرام

تل کا تیل---------------------100 گرام

ایملہ آئل---------------------50 گرام

برہمی آئل---------------------30 گرام

بھنگرا آئل---------------------30 گرام

وٹامن ای آئل-------------------5 گرام

ہر تیل کا کام اور فائدہ:

ناریل کا تیل بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے خشکی کم کرتا ہے

سرسوں کا تیل خون کی گردش بہتر کرتا ہے بالوں کی بڑھوتری میں مدد دیتا ہے

بادام کا تیل بالوں کو نرم اور چمکدار بناتا ہے ٹوٹ پھوٹ کم کرتا ہے

ارنڈی کا تیل ہیئر فال کم کرنے میں مدد دیتا ہے بال گھنے دکھاتا ہے

تل کا تیل سکیلپ کو غذائیت دیتا ہے وقت سے پہلے سفید بالوں میں مفید

ایملہ آئل بال لمبے کرنے میں مدد قدرتی شائن کے لئے

برہمی آئل جڑوں کو طاقت دیتا ہے اسٹریس سے ہونے والا ہیئر فال کم کرتا ہے

بھنگرا آئل نئے بال اگانے میں مدد بالوں کو جان دیتا ہے

بنانے کا کمرشل طریقہ:

1۔ تمام تیل ناپ تول کر ایک سٹین لیس برتن میں ڈالیں۔

2۔ہلکی آنچ پر رکھیں۔

3۔ٹمپریچر 55 سے 60 ڈگری سینٹی گریڈ رکھیں۔

4۔10 سے 15 منٹ ہلکے ہاتھ سے مکس کریں۔

5۔اُبال نہ آنے دیں۔

6۔چولہا بند کر دیں۔

7۔ٹمپریچر 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم ہونے دیں۔

8۔اب وٹامن ای آئل شامل کریں۔

9۔ اچھی طرح مکس کریں۔

فلٹر کرنا:

اگر تیل میں ذرات ہوں تو ململ کے کپڑے سے چھان لیں۔

فلنگ اور پیکنگ:

تیل مکمل ٹھنڈا ہونے پر پلاسٹک یا شیشے کی بوتل میں بھر دیں۔

پیک سائز 50 ملی لیٹر ,100 ملی لیٹر ,200 ملی لیٹر

بال لمبے اور مضبوط بنانے میں مدد، خشکی اور روکھے پن میں کمی، ہیئر فال کنٹرول، قدرتی شائن اور والیوم

احتیاطی ہدایات:

صرف بیرونی استعمال کے لئے

آنکھوں سے دور رکھیں

حساس اسکیلپ پر پہلے ٹیسٹ کریں

ہیئر آئل کے لئے ہر طرح کی جدید پیکنگ کی بوتل اور لیبل بنوانے کے لئے رابطہ نمبر

03244449589

اپنا کسی بھی طرح کا برانڈ رجسٹرڈ کروانے کے لئے رابطہ نمبر 03276999101

فیس واش/کلینزر

خام مال تقریباً 1 کلو تیار فیس واش کے لیے

ڈیسٹلڈ واٹر----------------------------700 گرام

مایونیٹ سورفیکٹنٹ (SLSA یا SCS)--------------150 گرام

کاسٹر آئل-------------------------------50 گرام

گلیسرین---------------------------------50 گرام

ایلو ویرا جیل------------------------------30 گرام

وٹامن ای آئل-------------------------------5 گرام

خوشبو (ہربل یا فلورل)-------------------------10 گرام

پرسرویٹیو/ بیکٹیریا سائیڈ--------------------------5 گرام

فوڈ گریڈ کلر حسب ضرورت-----------------------2 گرام

ہر جز کا کام

ڈیسٹلڈ واٹر بیس فیز اور تمام اجزاء کو حل کرنے کے لیے

سورفیکٹنٹ میک اپ، میل اور تیل ہٹانے کے لیے

کاسٹر آئل جلد کو نرم اور مرطوب رکھنے کے لیے

گلیسرین موئسچر لاک کرنے اور ہلکی سموٹنس کے لیے

ایلو ویرا جیل جلد کو سکون دینے اور خارش کم کرنے کے لیے

وٹامن ای اینٹی آکسیڈنٹ اور پروڈکٹ کی سٹیبلٹی کے لیے

خوشبو مارکیٹ اپیل کے لیے

پرسرویٹیو شیلف لائف بڑھانے اور بیکٹیریا سے بچانے کے لیے

بنانے کا طریقہ

1۔ڈیسٹلڈ واٹر کو صاف برتن میں ڈالیں۔

2۔سورفیکٹنٹ آہستہ آہستہ پانی میں شامل کریں۔

3۔ مسلسل ہلائیں تاکہ جھاگ کم سے کم بنے۔

4۔ کاسٹر آئل اور گلیسرین شامل کریں۔

5۔ ایلوویرا جیل شامل کریں اور اچھی طرح مکس کریں۔

6۔ وٹامن ای آئل شامل کریں۔

7۔ آخر میں خوشبو اور کلر شامل کریں۔

8۔ ہلکے ہاتھ سے 5 منٹ مکس کریں۔

9۔ اگر جھاگ زیادہ ہو جائے تو چند منٹ آرام دیں۔

فلنگ اور پیکنگ

جار، پلاسٹک بوتل یا ٹیوب میں نیم گرم حالت میں فل کریں۔ بوتل سیل کریں اور لیبل لگائیں

پیک سائز 50 ملی لیٹر 100 ملی لیٹر 200 ملی لیٹر

کمرشل معلومات

شیلف لائف 12 سے 18 ماہ

آنکھوں میں نہ لگائیں

بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں

حساس جلد پر پہلے ٹیسٹ کریں

لیکوئیڈ ڈش واش

خام مال/اجزاء

سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ---------------120 گرام

لیبارسا---------------------------30 گرام

کوکامائیڈو پروپائل بیٹین------------------40 گرام

سوڈیم کلورائیڈ-------------------15 سے 25 گرام

سوڈاایش---------------------------5 گرام

پریزرویٹو---------------------------2 گرام

لیمن خوشبو-----------------------3 سے 5 ملی لیٹر

ڈش واش کلر----------------------ضرورت کے مطابق

صاف پانی-------------------780 سے 800 ملی لیٹر

خام مال کی خصوصیات اور افادیت

سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ: یہ اس پروڈکٹ کا بنیادی صفائی کرنے والا جز ہے یہ زیادہ جھاگ پیدا کرتا ہے برتنوں پر جمی سخت چکنائی اور میل کو توڑ کر صاف کرتا ہے

لیبارسا: یہ طاقتور گریس کٹر ہے تیل اور چکنائی کو جلدی ختم کرتا ہے کم لاگت میں صفائی کی طاقت بڑھاتا ہے

کوکامائیڈو پروپائل بیٹین: یہ جھاگ کو نرم اور دیر پا بناتا ہے ہاتھوں پر جلن اور خشکی کم کرتا ہے دیگر سخت کیمیکلز کے اثر کو متوازن کرتا ہے

سوڈیم کلورائیڈ: یہ لیکوئیڈ کو گاڑھا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے زیادہ مقدار ڈالنے سے لیکوئیڈ پتلا ہوسکتا ہے اس لئے اسے آہستہ آہستہ شامل کیا جاتا ہے

سوڈاایش: یہ تیزابیت کو ختم کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے لیبارسا کے اثر کو متوازن کرتا ہے صفائی کے نتائج کو بہتر بناتا ہے

پریزرویٹو: یہ پروڈکٹ کو خراب ہونے سے بچاتا ہے بدبو اور جراثیم کی افزائش روکتا ہے شیلف لائف میں اضافہ کرتا ہے

لیمن خوشبو: یہ برتن دھونے کے دوران تازگی کا احساس دیتی ہے صارف کے لئے پروڈکٹ کو خوشگوار بناتی ہے

ڈش واش کلر: یہ پروڈکٹ کو مارکیٹ کے لئے پرکشش بناتا ہے برانڈ کی پہچان میں مدد دیتا ہے

صاف پانی: تمام اجزاء کوحل کرنے اور یکجان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے پانی صاف اور بدبو سے پاک ہونا ضروری ہے

بنانے کا طریقہ/ مرحلہ وار طریقہ

مرحلہ 1: ایک صاف پلاسٹک یا اسٹین لیس اسٹیل کے برتن میں 600 ملی لیٹر صاف پانی ڈالیں

مرحلہ 2: اب لیبارسا (سلفیونک ایسڈ) آہستہ آہستہ پانی میں شامل کریں لکڑی یا پلاسٹک کے چمچ سے مکس کریں جب تک محلول یکساں نہ ہوجائے

مرحلہ 3: سوڈا ایش کو تھوڑے سے پانی میں اچھی طرح گھولیں اس محلول کو آہستہ آہستہ مکسچر میں شامل کریں اس مرحلے پر تیزابیت ختم ہوجائے گی

مرحلہ 4: اب سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ تھوڑا تھوڑا کر کے شامل کریں ہلکے ہاتھ سے مکس کریں تاکہ زیادہ جھاگ نہ بنے

مرحلہ 5: کوکامائیڈو پروپائل بیٹین شامل کریں پانچ منٹ تک آہستہ آہستہ مکس کریں

مرحلہ 6: اب سوڈیم کلورائیڈ تھوڑا تھوڑا شامل کریں ہر بار شامل کرنے کے بعد گاڑھاپن چیک کریں ضرورت پوری ہونے پر مزید شامل نہ کریں

مرحلہ 7: اب پریزرویٹو شامل کریں اس کے بعد خوشبو اور رنگ شامل کریں

مرحلہ 8: باقی بچا ہوا پانی شامل کریں محلول کو 30 سے 45 منٹ کے لئے چھوڑ دیں جھاگ بیٹھ جائے گی اور لیکوئیڈ صاف ہو جائے گا

فلٹرنگ فلنگ اور پیکنگ

اگر محلول میں کوئی ذرات ہوں تو سادہ صاف کپڑے سے فلٹر کریں پیکنگ کے لئے مضبوط پلاسٹک بوتلیں استعمال کریں عام مارکیٹ سائز 250 ملی لیٹر 500 ملی لیٹر 1 لیٹر

کمرشل معلومات

شیلف لائف 12 سے 18 ماہ، سٹورتیج ٹھنڈی اور خشک جگہ پر رکھیں، سورج کی روشنی سے دور رکھیں۔

لیکوئڈ ڈش واش کی خالی بوتلیں، سٹیکر، لیبل اور دیگر میٹریلز خریدنے کے لئے رابطہ کریں

0324-4449589

ملٹی پرپز لیکوئیڈ کلینز

خام مال

سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ----------------80 گرام

ایسڈ سلری-----------------------25 گرام

کوکا مائیڈو پروپائل بیٹین----------------30 گرام

سوڈیم میٹا سلیکیٹ--------------------10 گرام

سوڈا ایش-------------------------5 گرام

سوڈیم کلورائیڈ-----------------10 سے 20 گرام

پریزرویٹو--------------------------2 گرام

خوشبو 3------------------------سے 5 ملی لیٹر

کلینز کلر-------------------ضرورت کے مطابق

صاف پانی-----------------820 سے 850 ملی لیٹر

خام مال کی خصوصیات اور افادیت

سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ: یہ بنیادی صفائی کرنے والا جز ہے فرش، ٹائل، باتھ روم اور کچن کی میل صاف کرتا ہے درمیانی جھاگ پیدا کرتا ہے جو ملٹی پرپز کلینز کے لئے موزوں ہے

ایسڈ سلری: یہ طاقتور گریس کٹر ہے چولہے، کچن سلیب اور باتھ روم کی چکنائی ختم کرتا ہے کم مقدار میں زیادہ صفائی دیتا ہے

کوکا مائیڈو پروپائل بیٹین: یہ جھاگ کو متوازن اور نرم بناتا ہے دیگر کیمیکلز کی سختی کم کرتا ہے سطحوں پر نشان بننے سے بچاتا ہے

سوڈیم میٹا سلیکیٹ: یہ سخت میل اور داغ دھبے ختم کرتا ہے فرش اور ٹائل کی چمک بہتر بناتا ہے کمرشل کلیننگ میں خاص اہمیت رکھتا ہے

سوڈا ایش: یہ تیزابیت کو متوازن کرتا ہے صفائی کی طاقت میں اضافہ کرتا ہے پروڈکٹ کا پی ایچ بہتر رکھتا ہے

سوڈیم کلورائیڈ: یہ لیکوئیڈ کو مناسب گاڑھا پن دیتا ہے آہستہ آہستہ شامل کیا جاتا ہے زیادہ مقدار سے لیکوئیڈ خراب ہوسکتا ہے

پریزرویٹو: یہ پروڈکٹ کو خراب ہونے سے بچاتا ہے بدبو اور جراثیم کی افزائش روکتا ہے شیلف لائف میں اضافہ کرتا ہے

خوشبو: صفائی کے بعد تازگی کا احساس دیتی ہے صارف کے لئے پروڈکٹ کو خوشگوار بناتی ہے

کلینز کلر: پروڈکٹ کو مارکیٹ میں نمایاں بناتا ہے برانڈ کی پہچان میں مدد دیتا ہے

صاف پانی: تمام اجزاء کو حل اور یکجان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے پانی صاف اور بدبو سے پاک ہونا ضروری ہے

بنانے کا طریقہ/مرحلہ وار طریقہ

مرحلہ 1: ایک صاف پلاسٹک یا اسٹین لیس اسٹیل کے برتن میں 600 ملی لیٹر صاف پانی ڈالیں

مرحلہ 2: ایسڈ سلری آہستہ آہستہ پانی میں شامل کریں لکڑی یا پلاسٹک کے چمچ سے مکس کریں جب تک مکمل حل نہ ہو جائے

مرحلہ 3: سوڈا ایش کو تھوڑے سے پانی میں گھولیں اس محلول کو مکسچر میں شامل کریں تیزابیت متوازن ہونے تک مکس کریں

مرحلہ 4: سوڈیم میٹا سلیکیٹ شامل کریں دو سے تین منٹ تک اچھی طرح مکس کریں

مرحلہ 5: سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ تھوڑا تھوڑا کر کے شامل کریں ہلکے ہاتھ سے مکس کریں

مرحلہ 6: کوکامائیڈو پروپائل بیٹین شامل کریں پانچ منٹ تک آرام سے مکس کریں

مرحلہ 7: سوڈیم کلورائیڈ تھوڑا تھوڑا شامل کریں ہر بار گاڑھا پن چیک کریں

مرحلہ 8: پریزرویٹو شامل کریں اس کے بعد خوشبو اور رنگ شامل کریں

مرحلہ 9: باقی بچا ہوا پانی شامل کریں محلول کو 30 سے 40 منٹ کے لئے چھوڑ دیں جھاگ بیٹھ جائے گی اور کلینز صاف ہو جائے گا

فلٹرنگ فلنگ اور پیکنگ

اگر محلول میں ذرات نظر آئیں تو صاف کپڑے سے فلٹر کریں۔ مضبوط پلاسٹک بوتلوں میں فل کریں۔ عام مارکیٹ سائز 500 ملی لیٹر 1 لیٹر 5 لیٹر

کمرشل معلومات

شیلف لائف 12 سے 18 ماہ۔ سٹوریج ٹھنڈی اور خشک جگہ، براہ راست دھوپ سے دور۔

احتیاطی ہدایات

آنکھوں اور جلد سے براہ راست رابطے سے بچائیں

دستانے استعمال کرنا بہتر ہے

بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں

تیزاب یا بلیچ کے ساتھ مکس نہ کریں

اینٹی بیکٹیریل ہینڈ واش

مارکیٹ لیول جراثیم کش اور اسکن فرینڈلی فارمولا

خام مال

سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ-------------90 گرام

کوکامائیڈ وپروپائل بیٹین-----------60 گرام

ایسڈ سلری-------------------10 گرام

بینزالکونیم کلورائیڈ----------------2 گرام

گلیسرین--------------------25 ملی لیٹر

ایلو ویرا ایکسٹریکٹ---------------20 ملی لیٹر

سوڈا ایش--------------------3 گرام

سوڈیم کلورائیڈ--------------10 سے 18 گرام

خوشبو---------------------3 سے 5 ملی لیٹر

ہینڈ واش کلر--------------ضرورت کے مطابق

صاف پانی-------------800 سے 830 ملی لیٹر

خام مال کی خصوصیات اور افادیت

سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ: یہ بنیادی صفائی کرنے والا جز ہے ہاتھوں سے میل اور چکنائی ہٹاتا ہے مناسب جھاگ پیدا کرتا ہے جو ہینڈ واش کے لئے موزوں ہے

کوکامائیڈ وپروپائل بیٹین: یہ جھاگ کو نرم اور متوازن بناتا ہے ہاتھوں پر جلن اور خشکی کم کرتا ہے دیگر کیمیکلز کی سختی کو کم کرتا ہے

لیبارسا: یہ صفائی کی طاقت میں اضافہ کرتا ہے کم مقدار میں استعمال کیا جاتا ہے ہینڈ واش کو موئثر بناتا ہے بغیر سختی کے

بینزالکونیم کلورائیڈ: یہ اینٹی بیکٹیریل ایجنٹ ہے جراثیم اور بیکٹیریا کو ختم کرتا ہے ہینڈ واش کو جراثیم کش خصوصیت دیتا ہے

گلیسرین: ہاتھوں کو نرم اور نم رکھتی ہے بار بار استعمال سے ہونے والی خشکی کو روکتی ہے اسکن فرینڈلی احساس دیتی ہے

ایلو ویرا ایکسٹریکٹ: یہ جلد کو سکون دیتا ہے لالی اور جلن کم کرتا ہے ہینڈ واش کو ہربل ٹچ دیتا ہے

سوڈا ایش: یہ تیزابیت کو متوازن کرتا ہے لیبارسا کے اثر کو کنٹرول کرتا ہے پی ایچ لیول بہتر رکھتا ہے

سوڈیم کلورائیڈ: یہ ہینڈ واش کو مناسب گاڑھاپن دیتا ہے آہستہ آہستہ شامل کیا جاتا ہے زیادہ مقدار سے ساخت خراب ہوسکتی ہے

خوشبو: ہاتھ دھونے کے بعد تازگی دیتی ہے صارف کے لئے پروڈکٹ کو خوشگوار بناتی ہے

ہینڈ واش کلر: پروڈکٹ کو مارکیٹ میں نمایاں بناتا ہے برانڈ کی پہچان میں مدد دیتا ہے

صاف پانی: تمام اجزاء کو حل اور یکجان کرنے کے لئے ضروری ہے پانی صاف اور بدبو سے پاک ہونا چاہئے

بنانے کا طریقہ/ مرحلہ وار طریقہ

مرحلہ 1: ایک صاف پلاسٹک یا اسٹین لیس اسٹیل کے برتن میں 600 ملی لیٹر صاف پانی ڈالیں

مرحلہ 2: لیبارسا (ایسڈ سلری) آہستہ آہستہ پانی میں شامل کریں لکڑی یا پلاسٹک کے چمچ سے مکس کریں محلول مکمل طور پر یکساں ہوجائے

مرحلہ 3: سوڈا ایش کو تھوڑے سے پانی میں گھولیں اس محلول کو مکسچر میں شامل کریں تیزابیت متوازن ہونے تک مکس کریں

مرحلہ 4: سوڈیم لوریل ایتھر سلفیٹ تھوڑا تھوڑا کر کے شامل کریں ہلکے ہاتھ سے مکس کریں تاکہ زیادہ جھاگ نہ بنے

مرحلہ 5: کوکا مائیڈ و پروپائل بیٹین شامل کریں پانچ منٹ تک آہستہ آہستہ مکس کریں

مرحلہ 6: بینزالکونیم کلورائیڈ شامل کریں دو منٹ تک اچھی طرح مکس کریں

مرحلہ 7: گلیسرین اور ایلو ویرا ایکسٹریکٹ شامل کریں محلول کو مکمل طور پر یکجان کریں

مرحلہ 8: سوڈیم کلورائیڈ تھوڑا تھوڑا شامل کریں ہر بار گاڑھاپن چیک کریں

مرحلہ 9: پریزرویٹو شامل کریں اس کے بعد خوشبو اور رنگ شامل کریں

مرحلہ 10: باقی بچا ہوا پانی شامل کریں محلول کو 30 سے 40 منٹ کے لئے چھوڑ دیں جھاگ بیٹھ جائے گی اور ہینڈ واش صاف ہوجائے گا

فلٹرنگ فلنگ اور پیکنگ

اگر محلول میں ذرات نظر آئیں تو صاف کپڑے سے فلٹر کریں پمپ یا فلپ ٹاپ بوتلوں میں فل کریں

عام مارکیٹ سائز 250 ملی لیٹر 500 ملی لیٹر 1 لیٹر

کمرشل معلومات

شیلف لائف 12 سے 18 ماہ، سٹوریج ٹھنڈی اور خشک جگہ، براہ راست دھوپ سے دور۔

بازاری ایلو ویرا جیل

خام مال

صاف پانی-----------------850 ملی لیٹر

ایلو ویرا ایکسٹریکٹ-------------50 ملی لیٹر

کاربوپول--------------------5 گرام

ٹرائی ایتھانول امائن------------3 سے 4 ملی لیٹر

گلیسرین--------------------20 ملی لیٹر

فینوکسی ایتھانول-----------------2 گرام

خوشبو--------------------2 سے 3 ملی لیٹر

خام مال کی خصوصیات اور افادیت

صاف پانی: یہ جیل کی بنیاد بناتا ہے تمام اجزاء کو حل اور یکجان کرنے میں مدد دیتا ہے، پانی صاف اور جراثیم سے پاک ہونا ضروری ہے

ایلو ویرا ایکسٹریکٹ: یہ جلد کو ٹھنڈک اور سکون دیتا ہے جلد کی خشکی اور جلن کم کرتا ہے بالوں کے لئے نمی اور چمک پیدا کرتا ہے

کاربوپول: جیل بنانے والا اہم جز ہے جیل کو شفاف اور ہموار ساخت دیتا ہے کمرشل جیل میں گاڑھا پن اور اسٹیبلٹی فراہم کرتا ہے

ٹرائی ایتھانول امائن: یہ کاربوپول کو ایکٹیو کرتا ہے جیل کی ساخت بناتا ہے پی ایچ لیول کو متوازن کرتا ہے

گلیسرین: جلد کو نرم اور نم رکھتی ہے جیل کو اسکن فرینڈلی بناتی ہے خشکی سے بچاؤ فراہم کرتی ہے

فینوکسی ایتھانول: یہ جیل کو خراب ہونے سے بچاتا ہے فنگس اور بدبو کی افزائش روکتا ہے شیلف لائف میں اضافہ کرتا ہے

خوشبو: پروڈکٹ کو خوشگوار بناتی ہے مارکیٹ اپیل بڑھاتی ہے

بنانے کا طریقہ/مرحلہ وار طریقہ

مرحلہ 1: ایک صاف پلاسٹک یا اسٹین لیس اسٹیل کے برتن میں صاف پانی ڈالیں

مرحلہ 2: کاربوپول آہستہ آہستہ پانی پر چھڑکیں ہلکے ہاتھ سے مکس کریں کاربوپول کو 20 سے 30 منٹ کے لئے چھوڑ دیں تاکہ وہ مکمل طور پر پھول جائے

مرحلہ 3: اب گلیسرین شامل کریں آہستہ آہستہ مکس کریں محلول یکجان ہوجانا چاہئے

مرحلہ 4: ایلوویرا ایکسٹریکٹ شامل کریں دو سے تین منٹ تک ہلکے ہاتھ سے مکس کریں

مرحلہ 5: اب ٹرائی ایتھانول امائن قطرہ قطرہ شامل کریں مکس کرتے جائیں جیسے ہی جیل بننا شروع ہوجائے اضافہ روک دیں

مرحلہ 6: فینوکسی ایتھانول شامل کریں اچھی طرح مکس کریں

مرحلہ 7: آخر میں خوشبو شامل کریں ہلکے ہاتھ سے مکس کریں

مرحلہ 8: جیل کو 30 سے 40 منٹ کے لئے چھوڑ دیں اگر بلبلے ہوں تو خود بخود ختم ہوجائیں گے

فلٹرنگ فلنگ اور پیکنگ

اگر جیل میں بلبلے یا ذرات ہوں تو آرام سے اوپر کی سطح صاف کریں ٹیوب یا جار میں فل کریں۔

عام مارکیٹ سائز 50 گرام 100 گرام 200 گرام

کمرشل معلومات

شیلف لائف 18 سے 24 ماہ۔ سٹوریج ٹھنڈی اور خشک جگہ۔ براہ راست دھوپ سے دور

احتیاطی ہدایات

آنکھوں سے بچائیں

بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں

صرف بیرونی استعمال کے لئے

کیمیائی اجزاء ناپ تول کے ساتھ استعمال کریں

لاگت نکالنے کا سادہ طریقہ

کمرشل دنیامیں سب سے پہلی اوراہم چیز صحیح لاگت معلوم کرنا ہے اگرلاگت غلط ہوتو یاتونقصان ہوگا یاپروڈکٹ مہنگی ہوکرنہیں بکے گی۔

لاگت نکالنے کے بنیادی اجزاء

کسی بھی پروڈکٹ کی لاگت ہمیشہ ان چارحصوں پر مشتمل ہوتی ہے

خام مال کی لاگت

پیکنگ کی لاگت

لیبر یامحنت کی لاگت

بجلی،گیس اوردیگراخراجات

بالفرض آپ 1 کلوپروڈکٹ بناتے ہیں خام مال کی کل لاگت 600روپے پیکنگ میٹیریل 150 روپے بجلی،گیس اوردیگر خرچ 50روپے

کل لاگت 600+150+50

کل لاگت 800روپے

اب اگر 1 کلومیں 10 عدد 100 گرام پیک بنتے ہیں توفی پیک لاگت 800 تقسیم 10،فی پیک لاگت 80 روپے یہی اصل لاگت ہے

مناسب منافع کیسے رکھیں

نیابزنس کرنے والوں کی سب سے بڑی غلطی یاتو بہت کم منافع رکھنا یابہت زیادہ لالچ کرنا ہوتی ہے صحیح اصول یہ ہے کم لاگت مناسب منافع تیزفروخت۔

منافع رکھنے کا آسان فارمولا

لوکل مارکیٹ کے لئے 20 سے 40 فیصد منافع مناسب ہوتا ہے آن لائن یابرانڈڈ پیکنگ کے ساتھ 40 سے 60 فیصد منافع رکھاجاسکتا ہے

مثال:اگرفی پیک لاگت 80 روپے ہے

20 فیصد منافع

16+80

فروخت قیمت 96 روپے

30 فیصد منافع: 80+24

فروخت قیمت 104 روپے

عام طور پر ریٹ کو گول کر کے 100 یا 110 رکھا جاتا ہے

اہم بات: ہمیشہ اپنی پروڈکٹ مارکیٹ ریٹ دیکھ کر رکھیں صرف اپنی مرضی سے قیمت نہ لگائیں

پیکنگ کے بنیادی اصول

یاد رکھیں پیکنگ صرف خوبصورتی نہیں یہ اعتماد اور فروخت کا ذریعہ ہوتی ہے لوگ پہلے پیکنگ دیکھتے ہیں پھر پروڈکٹ آزماتے ہیں

اچھی پیکنگ کے بنیادی اصول

پیکنگ صاف ہونی چاہئے

پیکنگ مضبوط ہونی چاہئے

پیکنگ لیک پروف ہونی چاہئے

پیکنگ سادہ مگر پروفیشنل ہونی چاہئے

کم لاگت پیکنگ کے آپشن

فوڈ آئٹمز کے لئے سادہ شفاف پلاسٹک ریپر، فوڈ گریڈ پرنٹڈ پاؤچ

صابن اور کاسمیٹکس کے لئے کلنگ فلم، پرنٹڈ ریپر، پلاسٹک جار، گتے کا ڈبہ

لیکوئیڈ پروڈکٹس کے لئے پلاسٹک بوتل فلپ ٹاپ یا پمپ

اپنے برانڈ کے لیبل، بوتل، جار، ڈبے بنوانے کے لئے رابطہ نمبر 0324-4449589

لیبل پر کیا لکھنا ضروری ہے

پروڈکٹ کا نام

اہم فائدہ

وزن یا مقدار

تیاری کی تاریخ

استعمال کی ہدایات

صرف بیرونی استعمال (اگر ضروری ہو)

ہر طرح کے کمرشل لیول کے لیبل پرنٹ کروانے کے لئے رابطہ نمبر 0324-4449589

فروخت کے آسان اصول

نئے بزنس میں پہلا ہدف زیادہ منافع نہیں بلکہ زیادہ فروخت ہونا چاہیئے

فروخت بڑھانے کے عملی اصول

شروع میں ریٹ تھوڑا کم رکھیں

دکاندار کو مناسب مارجن دیں

سیمپل یا ٹیسٹر دیں

ایک ہی پروڈکٹ کے مختلف سائز بنائیں

لوکل مارکیٹ میں فروخت کے طریقے

کریانہ اسٹور، کاسمیٹک شاپ، جنرل اسٹور، میڈیکل اسٹور، واٹس ایپ اسٹیٹس، فیس بک اور مقامی گروپس

یاد رکھنے والی بات

اگر پروڈکٹ سستا بھی ہو، صاف بھی ہو اور فائدہ بھی دے تو وہ خود ہی بکتا ہے

دکان دار اور گاہک کو بیچنے کے آسان طریقے

خاص طور پر اُن لوگوں کے لئے جو اچھی پروڈکٹ بنا لیتے ہیں مگر بیچنے میں اٹک جاتے ہیں

دکان دار کو بیچنے کے آسان اصول

یاد رکھیں دکان دار جذبات سے نہیں منافع سے خریدتا ہے، دکان دار کی سوچ کیا ہوتی ہے؟

یہ پروڈکٹ بکے گی یا نہیں؟

مجھے اس میں کتنا منافع ملے گا؟

ریٹرن یا نقصان کا رسک کتنا ہے؟

کمپنی سپورٹ دے گی یا نہیں؟

اگر آپ نے یہ چار سوال حل کر دیئے تو دکان دار خود ہاں کر دیتا ہے

دکان دار سے بات کرنے کا صحیح طریقہ

ہمیشہ سیدھی اور سچی بات کریں۔ بڑے بڑے دعوے نہ کریں، ریٹ صاف صاف بتائیں، منافع واضح کریں۔

مثال کے طور پر بات ایسے کریں

"یہ پروڈکٹ 100 روپے میں بکے گی، آپ کو 20 روپے فی پیس منافع ملے گا۔ اگر نہ بکی تو میں واپس لے لوں گا"

یہ جملہ دکان دار کا آدھا ڈر ختم کر دیتا ہے۔

دکان دار کو دینے والی سہولتیں

شروع میں کم مقدار دیں۔

کریڈٹ پر نہ دیں

سادا ریٹ کارڈ دیں

ایک سیمپل ضرور دیں

گاہک کو بیچنے کے آسان طریقے

گاہک فارمولہ نہیں خریدتا گاہک فائدہ خریدتا ہے۔ گاہک کی سوچ کیا ہوتی ہے؟

اس سے مجھے کیا فائدہ ہوگا؟

یہ میرے مسئلے کا حل ہے یا نہیں؟

قیمت مناسب ہے یا نہیں؟

استعمال آسان ہے یا نہیں؟

گاہک کو کیسے قائل کریں

سادے الفاظ استعمال کریں مشکل اصطلاحات نہ بولیں۔ ایک ہی فائدہ پر زور دیں۔

غلط طریقہ: اس میں یہ کیمیکل ہے وہ ایکٹیو ہے یہ ایڈوانس فارمولا ہے

صحیح طریقہ: یہ صابن جلد صاف کرتا ہے خشکی کم کرتا ہے روز استعمال کے لئے محفوظ ہے

پیکنگ کا کردار: گاہک پہلے پیکنگ دیکھتا ہے، پھر قیمت، پھر فائدہ۔

گندی یا کمزور پیکنگ اچھی پروڈکٹ بھی خراب کر دیتی ہے

عام غلطیاں جن سے بچنا ضروری ہے

یہ وہ غلطیاں ہیں جو اچھا بزنس بھی بند کروا دیتی ہیں

غلطی نمبر 1: بہت زیادہ منافع کی لالچ ۔ یاد رکھیں کم منافع میں زیادہ فروخت ہمیشہ بہتر ہوتی ہے

غلطی نمبر 2: مارکیٹ ریٹ سے زیادہ قیمت ۔ اگر آس پاس کی دکان پر اسی جیسی چیز سستی ہے تو آپ کی پروڈکٹ نہیں بکے گی

غلطی نمبر 3: دکان دار کو نظر انداز کرنا ۔ دکان دار آپ کا پارٹنر ہے اس سے بدتمیزی یا لاپرواہی براہ راست نقصان ہے

غلطی نمبر 4: ہر گاہک کو ایک ہی بات کہنا ۔ ہر گاہک مختلف ہوتا ہے کسی کو قیمت اہم ہے کسی کو فائدہ، کسی کو خوشبو یا شکل

غلطی نمبر 5: ریزلٹ کا وعدہ کرنا ۔ یہ کہنا دو دن میں فرق آ جائے گا یا بال فوراً اُگ جائیں گے قانونی اور اخلاقی طور پر غلط ہے

سنہری اصول

"پروڈکٹ مسئلہ حل کرے قیمت مناسب ہو اور صاف پیکنگ میں ہو وہ خود بولتی ہے اور خود بکتی ہے"

مزید بزنس آئیڈیاز، مارکیٹنگ ٹیکنیک، سیلنگ اور کاروباری حوالے سے معلومات کے لئے ہمیں یوٹیوب اور فیس بک پر وزٹ کریں

Business School

اپنا برانڈ رجسٹرڈ کروانے کے لئے رابطہ نمبر

0327-6999101

ہر طرح کی بزنس مشینری، پیکنگ، پرنٹنگ، لیبل، میٹریل کی خریداری کے لئے رابطہ نمبر

0324-4449589

اپنی پراڈکٹ کی مشہوری کروائیں 0301-8700646

اختتامی کلمات

یہ کتاب کسی بڑے کارخانے یا بھاری سرمایہ رکھنے والوں کے لئے نہیں لکھی گئی۔ یہ اُن لوگوں کے لئے ہے جو اپنے ہاتھوں سے کچھ بنانا چاہتے ہیں، اپنی محنت کو آمدن میں بدلنا چاہتے ہیں اور دوسروں پر انحصار کم کرنا چاہتے ہیں۔

اس کتاب میں دیئے گئے فارمولے جان بوجھ کر آسان رکھے گئے ہیں تاکہ ہر عام آدمی گھریلو سطح پر آغاز کر سکے اور آہستہ آہستہ کمرشل مارکیٹ میں قدم رکھ سکے۔

یادرکھیں فارمولہ صرف ایک راستہ دکھاتا ہے کامیابی کا انحصار آپ کی نیت آپ کی محنت اور آپ کی مستقل مزاجی پر ہوتا ہے۔

شروع میں غلطیاں ہوں گی۔ پیکنگ کمزور ہوسکتی ہے، فروخت سست ہوسکتی ہے، لیکن جو شخص سیکھتا رہتا ہے اور ہمت نہیں ہارتا وہی آخرکار اپنی جگہ بنالیتا ہے۔

ہماری دعا ہے کہ یہ کتاب آپ کے لئے صرف پڑھنے کا موادنہ ہو بلکہ ایک نیا آغاز ثابت ہو اپنی محنت پر یقین رکھیں اپنی پروڈکٹ پر یقین رکھیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں کامیابی آپ کا انتظار کر رہی ہے

آمین

منذر وقاص (بزنس ٹرینر)

munzirwaqas@gmail.com

کمرشل فارمولے

بناؤ، بیچو اور کماؤ

انڈسٹری کے کامیاب خفیہ فارمولے پہلی بار منظرِ عام پر

ترتیب: منذر قاص

فہرست

صفحہ نمبر	عنوانات	نمبر شمار
2	تجربات کرتے وقت ضروری تدابیر	1
3	وائٹننگ کریم	2
3	(Whitening Cream)	3
3	اچھی کوالٹی کی وائیٹننگ کریم	4
3	Days Whitening Formula3	5
5	درمیانے درجہ کی وایئٹنگ کریم	6
5	Days Whitening Formula7	7
7	شیمپو سازی	8
7	اعلیٰ قسم کا ہیئر شیمپو	9
8	درمیانے درجے کا شیمپو	10
10	ٹائلٹ کلینر	11
10	Toilet Cleaner	12
11	مچھر لوشن	13
11	مچھر تیل	14

11	مچھر کریم	15
13	بال صفا کریم	16
13	Hair Removing Cream	17
14	لیکوئڈ ڈش واش	18
14	برتن دھونے کا شیمپو	19
16	آفٹر شیو لوشن	20
18	کپڑے دھونے کا پاؤڈر	21
18	Washing Powder	22
18	بہترین کوالٹی کا پاؤڈر	23
19	سستا واشنگ پاؤڈر	24
21	متفرق	25
21	میجک کلینز	26
22	مٹی کے تیل سے بدبو دور کرنے کا طریقہ	27
22	کاسٹک لائی بنانے کا طریقہ	28
23	پاوں کی بدبو دور کرنے کا پاؤڈر	29
23	FOOT FRESH	30
23	ڈرین اوپنر	31

24	بال سیاہ تیل	32
24	BLACK HAIR OIL	33
25	کاروبار میں کامیابی کے راز	34
26	کتاب میں لکھے گئے کیمکلز کے استعمال	35
26	ڈسٹلڈ واٹر	36
26	پی۔جی	37
26	گلیسرین	38
27	ویزلین	39
27	کروڈاویکس	40
27	بیزویکس	41
27	سٹئیرک ایسڈ	42
28	سیٹرائل الکوحل	43
28	سیلی سیلک ایسڈ	44
28	ایلفا آربیوٹین	45
28	ای۔ڈی۔ٹی۔اے	46
29	زنک آکسائیڈ	47
29	ٹائی ٹانیم ڈائی آکسائیڈ	48

49	کوجک ایسڈ	29
50	ایم۔پی	29
51	پی۔پی	30
52	وٹامن ای	30
53	لینولین سفید	30
54	لیکٹک ایسڈ	30
55	مرکیورک کلورائیڈ	30
56	آرسینک	31
57	سوڈیم لاورتھ سلفیٹ	31
58	اموینیم لاورتھ سلفیٹ	31
59	ڈائی میتھی کونول	31
60	کوکوبیٹین	32
61	اکریلک پولیمر	32
62	سوڈیم بینزوویٹ	32
63	سٹرک ایسڈ	32
64	میگنیشیم نائٹریٹ	33
65	بائیوٹین	33

33	میگنیشیم کلورائڈ	66
33	ڈی۔ایم۔ڈی۔ایم ہائڈاٹائن	67
34	سوڈیم کلورائڈ	68
34	KD	69
34	ایسڈ تھکنر	70
34	ایچ۔سی۔ایل	71
35	Triethanolamaine	72
35	Borax	73
35	Barium Sulphide	74
35	بینزال ڈی ہائیڈ	75
36	سلفیونک ایسڈ	76
36	کاسٹک لائی	77
36	ایلم پاؤڈر	78
36	ٹی ٹری آئل	79
36	آئسو پروپائل الکحل	80
37	سوڈا ایش	81
37	TSP	82

83	STTP	37
84	کاربن ٹیٹرا کلورائڈ	37
85	سوڈیم پربوریٹ	38
86	پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائیڈ	38
87	ایلومینیم پاؤڈر	38

تجربات کرتے وقت ضروری تدابیر

۱۔ پہلا تجربہ ہمیشہ تھوڑی مقدار میں کریں تا کہ اگر کسی وجہ سے مطلوبہ چیز نہ بن سکے تو زیادہ نقصان نا اٹھانا پڑے۔

۲۔کوئی تیزاب جلد پر لگ جائے تو فوراً صاف پانی سے دھو کر تیل لگائیں۔

۳۔زہریلی اشیاء کے تجربے میں جو دھوواں اٹھے اس سے بچ کر رہیں خصوصاً آنکھوں کو بچا کر رکھیں۔

۴۔غلطی سے تجربہ والی چیز میں آگ لگ جائے تو پانی وغیرہ ڈال کر بجھانے کے بجائے اوپر کوئی ڈھکن دے دیں اس سے آگ فوراً بجھ جائے گی۔

۵۔تیزاب کو ڈیلیوٹ (کمزور) کرنا ہو تو پانی میں تھوڑا تھوڑا کر کے تیزاب ڈالیں، تیزاب میں پانی ہرگز نا ڈالیں۔

۶۔ دو تیزابوں کو آپس میں کبھی ملانا پڑے تو اس بات کا خیال رکھیں کہ بیک وقت تمام ایک دوسرے میں نا ڈالیں بلکہ تھوڑی تھوڑی مقدار ڈالتے جائیں۔

۷۔سردیوں میں کچھ کیمیکلز بوتل یا کین کے اندر جم جاتے ہیں انہیں پگھلانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ بوتل یا کین کو اچھی طرح سے بند کر کے گرم پانی میں تھوڑی دیر رکھیں

۸۔اپنے تجربات اور ان سے حاصل ہونے والے نتائج کو اپنی ڈائری میں لکھتے رہیں تا کہ مستقبل میں بار بار تجربات کو دہرانا نا پڑے۔

۹۔تجربہ کے وقت بچوں کو پاس نا آنے دیں۔

۱۰۔جو بھی تجربہ کریں اطمینان اور تسلی سے کریں۔

۱۱۔آگ میں کوئی چیز گرم کرنی ہو یا پگھلانی ہو تو درجہ حرارت (ٹمپریچر) کا خاص خیال رکھیں۔

۱۲۔تجربہ شروع کرنے سے قبل تمام اجزاء (رامیٹریلز) کو جانچ لیں کہ کیا یہ اصلی ہیں۔

۱۳۔تجربہ شروع کرنے سے پہلے اچھی طرح سمجھ لیں، ایسا نا کریں کہ کتاب سامنے رکھ کر بغیر سمجھے تجربہ شروع کر دیں۔

دیگر احتیاطی تدابیر ضرور اپنائیں

کوئی بھی پراڈکٹ بنانے کی مشینری خریدنے کے لئے رابطہ نمبر

0311-6538861

0300-8867128

رامیٹریلز خریدنے کے لئے رابطہ نمبر

0321-1113922

0309-6660979

وائٹننگ کریم

(Whitening Cream)

چہرے کی رنگت گوری کرنے اور جلد کی خوبصورتی کے لئے وائٹننگ کریموں کا استعمال بے تحاشہ بڑھتا جا رہا ہے جس کی وجہ سے اس کے کاروبار میں بھی بے تحاشہ اضافہ دیکھنے کو ملا ہے ذیل میں چند اچھی اور ہلکی کوالٹی کی کریموں کے فارمولے درج کئے گئے ہیں

اچھی کوالٹی کی وائیٹننگ کریم

3 Days Whitening Formula

(پہلا مرحلہ)

ڈسٹلڈ واٹر	1842 گرام
پی۔جی	125 گرام
گلیسرین	100 گرام

ان اجزاء کو ڈبل جیکٹ بوائلر مکسر میں ڈال کر 70 ڈگری تک گرم کریں

گرم محلول کو الگ کسی برتن میں نکال لیں

(دوسرا مرحلہ)

ویزلین	1712 گرام

ویزلین کو ڈبل جیکٹ بوائلر مکسر میں ڈال کر پگھلا لیں اور پگھل جانے کے بعد مکسر کی موٹر چلا دیں

(تیسرا مرحلہ)

کروڈا ویکس	205 گرام
بیز ویکس	103 گرام
سٹیئرک ایسڈ	205 گرام
سیٹرائل الکوحل	250 گرام
سیلی سیلک ایسڈ	17 گرام

یہ تمام اجزاء ایک ایک کر کے پگھلی ہوئی ویزلین والے بوائلر مکسر میں شامل کرتے جائیں اور جب تک تمام اجزاء اچھی طرح سے مکس نا ہو جائیں تب تک مشین کو چلائیں۔
پہلے مرحلے میں جو محلول گرم کیا تھا وہ بھی اس میں شامل کر دیں اور مشین چلتی رہنے دیں۔

(چوتھا مرحلہ)

ایلفا آربیوٹین	100 گرام
ایلنٹا ئین	34 گرام
ای۔ڈی۔ٹی۔اے	5 گرام
زنک آکسائیڈ	150 گرام
ٹائی ٹینیم ڈائی آکسائیڈ	125 گرام
کوجک ایسڈ	100 گرام
ایم۔پی	10 گرام

پی۔پی	10 گرام
وٹامن۔ای	25 گرام
خوشبو	25 گرام

چوتھے مرحلے کے تمام اجزاء کو ایک ایک کر کے تیسرے مرحلے میں بنائے گئے مرکب میں شامل کرتے جائیں اور بوائلر مکسر چلتا رہنا دیں۔

تمام اجزاء یکجان ہو جانے پر کریم کو جار میں نکال کر خوبصورت ڈبیوں میں پیک کر کے مارکیٹ میں بیچیں۔

درمیانے درجہ کی وائیٹننگ کریم

7 Days Whitening Formula

(پہلا مرحلہ)

کروڈا ویکس	285 گرام
لینولین سفید	1133 گرام

کروڈا ویکس کو ڈبل جیکٹ بوائلر مکسر میں ڈال کر پگھلا لیں جب پگھل جائے تو لینولین سفید ڈال کر مکسر چلا دیں یہاں تک کہ اچھی طرح سے مکس ہو جائے

(دوسرا مرحلہ)

گلیسرین	285 گرام
لیکٹک ایسڈ	68 گرام

مرکیورک کلورائیڈ 17 گرام

پہلے مرحلے میں بنے ہوئے مکسچر میں دوسرے مرحلے کے تمام اجزاء ایک ایک کر کے شامل کرتے جائیں اور اتنی دیر مکسر چلائیں کہ بالکل دودھ کی طرح سفید رنگت اختیار کر لے۔ جب مطلوبہ حالت میں آجائے تو بوائلر مکسر کے نیچے سے آگ بند کر دیں

(تیسرا مرحلہ)

آرسینک 8.50 گرام

خوشبو 10 گرام

دوسرے مرحلے میں تیار ہونے والے مرکب میں آرسینک شامل کریں اور مکسر چلا دیں یہاں تک کہ کریم مکمل یکجان ہو کر گاڑھی شکل اختیار کر لے۔ اس کے بعد خوشبو شامل کریں اور جار میں بھر لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر خوبصورت ڈبیوں میں پیک کر کے فروخت کریں۔

کریم فارمولیشن کی پریکٹیکل ویڈیوز دیکھنے کے لئے ہمارا یوٹیوب چینل سرچ کریں

"BUSINESS SCHOOL"

کریم بنانے کی مکمل مشینری خریدنے کے لئے رابطہ کریں

0311-6538861 **0300-8867128**

کریم کے میٹریل خریدنے کے لئے **0309-6660979**

شیمپو سازی

اعلیٰ قسم کا ہیئر شیمپو

پانی	6لٹر
سوڈیم لورتھ سلفیٹ	1 کلو
امونیم لورتھ سلفیٹ	500 گرام
ڈائی میتھی کونول	200 گرام
کوکو بیٹین	200 گرام
اکریلک پولیمر	50 گرام
ہائیڈروکسی پروپائل ٹرائی مونیم کلورائڈ	50 گرام
ڈائی سوڈیم ای۔ڈی۔ٹی۔اے	10 گرام
گلیسرین	200 گرام
سوڈیم بینزوویٹ	20 گرام
سٹرک ایسڈ	20 گرام
ٹائیٹنیم	10 گرام
میگنیشیم نائٹریٹ	10 گرام
کوکونٹ آئل	50 گرام
آلمنڈ آئل	50 گرام

بائیوٹین	50 گرام
میگنیشیم کلورائڈ	50 گرام
ڈی۔ایم۔ڈی۔ایم ہائڈاٹائن	10 گرام
سوڈیم کلورائڈ	125 گرام
خوشبو	50 گرام

سب سے پہلے شیمپو کے مکسر میں پانی ڈالیں، اس پانی میں سوڈیم لورتھ سلفیٹ اور امونیم لورتھ سلفیٹ شامل کر کے مکسر کو چلا دیں اور اچھی طرح سے مکس کریں۔ جب یہ کلیئر سلیوشن (محلول) بن جائے تو تمام اجزاء یکے بعد دیگرے ڈالتے جائیں یہاں تک کہ تمام اجزاء اچھی طرح سے مکس ہو جائیں۔ جھاگ بیٹھ جانے کے بعد بوتلوں میں بھر لیں۔

درمیانے درجے کا شیمپو

پانی	6لیٹر
شیمپو بیس	1 کلو
کوکو بیٹین	1 کلو
کے۔ڈی	250 گرام
سلکی	100 گرام
پرل لیکوئیڈ	100 گرام

سوڈیم بینزوویٹ	40 گرام
سوڈیم کلورائڈ	125 گرام
خوشبو	40 گرام

لیکوئڈ مکسر میں پانی ڈالیں۔ پانی میں شیمپو بیس شامل کریں اور اچھی طرح سے مکس کریں یہاں تک کہ بہترین سلوشن تیار ہو جائے۔ اب اس سلوشن میں باقی تمام اجزاء لسٹ میں دی گئی ترتیب سے ایک کے بعد ایک شامل کرتے جائیں۔ مکمل طور پر مکس ہونے کے بعد جھاگ بیٹھنے کا انتظار کریں اور اس کے بعد بوتلوں میں بھر لیں۔

شیمپو بنانے کی پریکٹیکل ویڈیوز دیکھنے کے لئے ہمارا یوٹیوب چینل وزٹ کریں

"BUSINESS SCHOOL"

شیمپو بنانے کی مشینری خریدنے کے لئے رابطہ کریں

0311-6538861

0300-8867128

شیمپو کے میٹریل خریدنے کے لئے رابطہ نمبر

0321-1113922

0309-6660979

ٹائلٹ کلینر

Toilet Cleaner

باتھ روم/ بیت الخلا کی صفائی کے لئے مارکیٹ میں مختلف ناموں سے سستے اور مہنگے ٹائلٹ کلینرز بکتے ہیں۔ان کو بنانا نہائت آسان اور منافع بہترین ہے۔

ذیل میں ٹائلٹ کلینر کا ایک بہترین فارمولہ درج ہے۔

نام میٹریل	مقدار
پانی	2لٹر
ایسڈ تھکنر	1لٹر
ایسڈ کلر	حسبِ ضرورت
ایچ۔سی۔ایل (نمک کا تیزاب)	1لیٹر

طریقہ

پلاسٹک کے مکسر میں پانی ڈالیں اوراس میں ایسڈ تھکنر شامل کریں،لکڑی کے ڈنڈے یا پلاسٹک سے اس کو مکس کریں، یہ ایک دودھیا شکل کا محلول بن کر تیار ہو جائے گا۔اب اس میں رنگ شامل کریں اور مکس کریں۔اس کے بعد نمک کا تیزاب تھوڑا تھوڑا کر کے شامل کرتے جائیں اور مکس کرتے جائیں۔انتہائی گاڑھا ٹائلٹ کلینر بن کر تیار ہے۔بوتلوں میں بھر کر خوبصورت پیکنگ میں مارکیٹ میں بیچیں۔اگر چاہیں تو کوئی اچھی خوشبو بھی شامل کر لیں۔

مچھر لوشن

مچھر بھگانے کے لئے لوشن یا آئل کی ہماری مارکیٹ میں بہت زیادہ ڈیمانڈ ہے جب کہ بیچنے والے صرف چند ایک ہی برانڈز ہیں یہی وجہ ہے کہ ساری مارکیٹ وہ برانڈز بڑے آسانی سے اپنے قبضے میں رکھے رہتے ہیں۔ ذیل میں مچھر لوشن کی چند ایک تراکیب درج ہیں۔

مچھر تیل

سٹرونیلا آئل	455 ملی
وائٹ آئل	1350 ملی
لیمن گراس آئل	30 گرام

تمام اجزاء کو باہم ملا کر خوب مکس کریں۔ اس کی مکسنگ کے لئے سٹین لیس سٹیل کا لیکوئڈ مکسر بہترین رہے گا۔ بس پروڈکٹ تیار ہے خوبصورت پیکنگ میں بیچیں۔ جسم کے ننگے حصوں پر لگا لیں مچھر قریب نہیں آئیں گے۔

اگر سستا کرنا مطلوب ہو تو اس میں وائٹ آئل کی مقدار بڑھا لیں۔

مچھر کریم

اسٹیرک ایسڈ	30 پاونڈ
لینولین	20 پاونڈ
بیز ویکس	16 پاونڈ

وائٹ آئل	33 پاونڈ
ٹرائی ایتھانول امائن	16 پاونڈ
کاربی ٹول	
سٹرونیلا آئل	10 پاونڈ
پانی	90 پاونڈ

اسٹیرک ایسڈ، لینولین، بیزویکس اور وائٹ آئل کو ڈبل جیکٹ بوائلر مکسر میں ڈال کر پگھلا لیں لیکن خیال رہے کہ اس دوران درجہ حرارت 70 ڈگری سے اوپر نا جائے۔

دوسرے برتن میں پانی اور ٹرائی ایتھانول امائن حل کرلیں۔

اب یہ والا سلوشن آہستہ آہستہ ڈبل جیکٹ مکسر والے مرکب میں شامل کرتے جائیں اور مکسر آہستہ سپیڈ میں چلا دیں۔ جب اچھی طرح تمام چیزیں یکجان ہوجائیں تو کاربی ٹول شامل کریں اور مکس کریں۔ سب سے آخر میں سٹرونیلا آئل شامل کریں اور کوئی بھی خوشبو حسبِ ضرورت شامل کریں۔ کریم تیار ہے۔

(اجزاء کی مقدار یہی تناسب برقرار رکھتے ہوئے کم یا زیادہ کرکے حسب منشا مقدار تیار کریں)

مشینوں کی خریداری کے لئے رابطہ

0311-6538861 0300-8867128

میٹریل کی خریداری کے لئے

0321-1113922 0309-6660979

بال صفا کریم

Hair Removing Cream

بوریکس	115 گرام
زنک آکسائیڈ	60 گرام
بیریم سلفائیڈ	115 گرام
بینزال ڈی ہائیڈ	30 گرام
گلیسرین	حسبِ ضرورت

بوریکس، زنک آکسائیڈ اور بیریم سلفائیڈ کو اچھی طرح سے پیس کر چھان لیں اور نہائت فائن کوالٹی کا پاؤڈر تیار کر لیں۔ اب ان تینوں اجزاء کے پاوڈر مکس کر لیں ۔ اس تیار شدہ مکسچر میں بنزال ڈی ہائیڈ ڈالیں اور اتنا مکس کریں کہ تمام اجزاء یکجان ہو جائیں۔

اب اس مرکب میں تھوڑی تھوڑی گلیسرین ملاتے جائیں اور ہلاتے جائیں جب یہ کریم کی طرح پیسٹ بن جائے تو پیک کر کے فروخت کریں۔

پریکٹیکل فارمولیشن ویڈیوز دیکھنے کے لئے یوٹیوب چینل وزٹ کریں

"BUSINESS SCHOOL"

میٹریل کی خریداری کے لئے 0321-1113922

لیکوئڈ ڈش واش

برتن دھونے کے لئےلیکوئیڈ ڈش واش یا برتن دھونے والا صابن مارکیٹ میں اپنی اچھی جگہ بنا چکا ہے لہذا یہ پروڈکٹ بنا کر مارکیٹ میں بیچ کر اچھا منافع کمایا جا سکتا ہے۔

ذیل میں دیا گیا فارمولہ کسی بھی اچھے برانڈ کا مقابلہ کر سکتا ہے۔

برتن دھونے کا شیمپو

پانی	745 گرام
سلفیونک ایسڈ	93 گرام
ایس۔ایل۔ای۔ایس	93 گرام
فارمالین	1 گرام
کاسٹک لئی ((33%	37 گرام
رنگ	حسب ضرورت
خوشبو	1.86 گرام
نمک	22.35 گرام

طریقہ

سب سے پہلے لیکوئیڈ مکسر میں پانی شامل کریں اور اسے چلا دیں۔ چلتے ہوئے مکسر میں سلفیونک ایسڈ شامل کریں اور خوب اچھی طرح سے مکس ہونے دیں۔

جب پانی اور سلفیونک ایسڈ خوب مکس ہو کر یکجان ہو جائیں تو اس میں ایس۔ایل۔ای۔ایس شامل کر دیں اور خوب اچھی طرح سے مکس ہونے دیں۔

تمام اجزاء بخوبی مکس ہو جائیں تو اس کے بعد فارمالین شامل کر دیں۔

اس کے بعد کاسٹک لئی شامل کریں اور اچھی طرح سے مکس ہو جانے کے بعد رنگ اور خوشبو شامل کر دیں۔

آخر میں کھانے والا سفید نمک شامل کر دیں۔

نمک لیکوئیڈ ڈش واش کو گاڑھا کرنے کا کام کرتا ہے لیکن یاد رہے کہ تما اجزاء فارمولے میں لکھی گئی مقدار کے مطابق ہی شامل کریں بصورتِ دیگر بننے والی پراڈکٹ سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہو پائیں گے۔

اب اس ڈش واش کو خوبصورت بوتلوں میں بھر کر مارکیٹ میں بیچنے کے لئے پیش کر دیں۔

لیکوئیڈ ڈاش واش بنانے کی پریکٹیکل ویڈیو دیکھنے کے لئے یوٹیوب چینل وزٹ کریں

BUSINESS SCHOOL

مشینری کی خریداری کے لئے رابطہ

0300-8867128 0311-6538861

میٹریلز کی خریداری کے لئے

0309-6660979 0321-1113922

آفٹر شیو لوشن

پہلا مرحلہ

آر۔ اوواٹر	150 ملی لیٹر
ایلم پاوڈر	25 گرام
ایلو ویرا جیل	10 گرام
ٹی ٹری آئل	1 ملی لیٹر

دوسرا مرحلہ

آئسو پروپائل الکوحل	100 ملی لیٹر
مینتھول	3-4 قطرے
رنگ	حسب ضرورت
خوشبو	حسبِ ضرورت

سب سے پہلے آر۔او واٹر کو سٹین لیس سٹیل کے برتن یا مکسر میں ڈال کر اس کے نیچے آگ جلا دیں۔
پانی گرم ہونے پر اس میں ایلم پاوڈر شامل کریں اور خوب اچھے سے حل کر لیں۔
دونوں اجزاء جب بخوبی حل ہو جائیں تو اس محلول مین ایلو ویرا جیل شامل کریں اور مکس ہونے

دیں۔
مکس ہو جانے کے بعد اس میں ٹی ٹری آئل شامل کریں اور 1 منٹ کے لئے مزید گرم ہونے دیں اور مکس کرتے جائیں۔
جب تمام اجزاء بخوبی مکس ہو جائیں تو اس محلول کو الگ کسی برتن میں نکال لیں۔

پہلے مرحلے میں جو محلول تیار کیا تھا اب اس میں دوسرے مرحلے کے اجزاء ایک ایک کر ڈالتے جائیں اور خوب اچھے سے مکس کرتے جائیں۔
رنگ اور خوشبو شامل کرنا چاہیں تو اپنی مرضی کا رنگ اور خوشبو شامل کر لیں۔
آپ کا آفٹر شیو لوشن بالکل تیار ہے۔
ٹھنڈا ہونے پر شیشے کی خوبصورت بوتلوں میں بھر کر اچھا سا نام رکھیں اور مارکیٹ میں بیچنے کے لئے بھجوا دیں۔
جنرل سٹور، کاسمیٹکس اسٹور اور حجام کی دوکانوں پر بہترین فروخت ہوتی ہے۔

ہر قسم کا میٹریل خریدنے کے لئے رابطہ

0321-1113922

0309-6660979

کپڑے دھونے کا پاؤڈر

Washing Powder

بہترین کوالٹی کا پاؤڈر

سوڈا ایش	40 کلوگرام
ٹی۔ایس۔پی	10 کلوگرام
ایس۔ٹی۔ٹی۔پی	10 کلوگرام
ایس۔ایل۔ایس	5 کلوگرام
ایس۔ایم۔ایس	5 کلوگرام
سلفیونک ایسڈ	12.5 کلوگرام
نینسا پاؤڈر	3 کلوگرام
گلابر سالٹ	12.5 کلوگرام
رنگین دانہ	2 کلوگرام
خوشبو	500 گرام

بنانے کا طریقہ

ذیل میں دیئے گئے تمام اجزاء کو اسی ترتیب سے ایک ایک کر کے مکسر مشین ڈالتے جائیں اور اچھے سے مکس کرلیں۔

تمام اجزاء یکجان ہوجانے پر مکسر مشین سے پاؤڈر نکال لیں اور گریٹر مشین میں ڈالتے جائیں۔

گریٹر مشین میں پاؤڈر خوب چھن جاتا ہے اور ڈلیاں ٹوٹ کر انتہائی خوبصورت شکل میں پاؤڈر بن کر تیار ہوتا ہے۔

اب اس پاؤڈر کو پیکٹوں میں بھر لیں اور سیلر کی مدد سے سیل کر لیں۔

یہ ایک بہترین کوالٹی کا واشنگ پاؤڈر بن کر تیار ہے۔

نوٹ: یہ فارمولہ قدرے مہنگا پڑتا ہے لیکن اس کی کوالٹی مارکیٹ میں موجود کسی بھی اچھے واشنگ پاؤڈر سے ہرگز کم نہیں ہے۔

سستا واشنگ پاؤڈر

سوڈا ایش	2 کلوگرام
نمک	3 کلوگرام
سوپ سٹون	3 کلوگرام
سلفیونک	800 گرام
ایس۔ایل۔ای۔ایس	250 گرام
کاسٹک لئی (33%)	200 گرام
باکسر	1 کلوگرام
رنگین دانہ	100 گرام
خوشبو	20 گرام

بنانے کا طریقہ

تمام اجزاء کو اسی ترتیب سے ایک ایک کر کے مکسر مشین ڈالتے جائیں اور اچھے سے مکس کر لیں۔

تمام اجزاء یکجان ہو جانے پر مکسر مشین سے پاؤڈر نکال لیں اور گریٹر مشین میں ڈالتے جائیں۔

گریٹر مشین میں پاؤڈر خوب چھن جاتا ہے اور ڈلیاں ٹوٹ کر انتہائی خوبصورت شکل میں پاؤڈر بن کر تیار ہوتا ہے۔

اب اس پاؤڈر کو پیکٹوں میں بھر لیں اور سیلر کی مدد سے سیل کر لیں۔

سرف بنانے کی تمام مشینری خریدنے کے لئے رابطہ کریں

0311-6538861

0300-8867128

واشنگ پاؤڈر کے میٹریلز خریدنے کے لئے

0321-1113922

0309-6660979

متفرق

میجک کلینز

کیروسین آئل (مٹی کا تیل)	1 پونڈ
پیٹرول	1 پونڈ
کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ	5 پونڈ
سٹرونیلا آئل	3 اونس
یوکلپٹس آئل	1 اونس

بنانے کا طریقہ

تمام اجزاء کو آپس میں اچھے سے مکس کر لیں۔ میجک کلینز تیار ہے۔

ا۔ ڈرائی کلیننگ کے لئے بہترین ایجنٹ ہے۔

۲۔ کپڑوں سے ہر طرح کے چکنائی کے داغ دور کرتا ہے۔

۳۔ ہر قسم کے میٹلز (سونے، چاندی، پلاٹینیم وغیرہ) کو صاف کرنے کے لئے بہترین ایجنٹ ہے۔

۴۔ کیڑے مار (Insects Killer) سپرے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ گھر میں چھڑکنے سے مکھی، مچھر، کھٹمل اور چیونٹی وغیرہ سب مر جاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں۔

۵۔ لوہے وغیرہ سے زنگ اتارنے کے کام آتا ہے۔

۶۔ کپڑوں کی الماری میں چھڑک دیں تو فینائل کی گولیاں رکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

مٹی کے تیل سے بدبو دور کرنے کا طریقہ

طریقہ نمبر 1

ایک ڈرم مٹی کے تیل میں 600 گرام بلیچنگ پاؤڈر شامل کریں اور خوب اچھی طرح سے دونوں کو ملالیں۔مٹی کے تیل کی بدبو دور ہو جائے گی۔

طریقہ نمبر 2

ایک ڈرم مٹی کے تیل میں 400 گرام زنک کلورائیڈ شامل کریں اور اچھی طرح سے ملالیں۔ تیل صاف اور بدبو دور ہو جائے گی۔

کاسٹک لائی بنانے کا طریقہ

کاسٹک لئی مختلف درجوں کی تیار کی جاتی ہے جس کے لئے ہمیں دو اجزاء درکار ہوتے ہیں

پانی

کاسٹک سوڈا

جس درجے کی کاسٹک لائی بنانا مقصود ہو اتنے فیصد کا اسٹک سوڈا لیں اور بقیا پانی شامل کریں۔ اس عمل سے پانی اور کاسٹک سوڈا ری ایکشن کر کے گرم محلول کی صورت اختیار کر لیں گے۔اس محلول کا ٹھنڈا ہونے کا انتظار کریں اور ٹھنڈا ہونے پر استعمال کریں۔

فرض کریں 33 درجے کی کاسٹک لائی بنانی ہو تو 33 فیصد کاسٹک سوڈا لیں گے اور 67 فیصد پانی اسی طرح 50 درجے کی لائی کے لئے 50 فیصد کاسٹک سوڈا اور 50 فیصد پانی لیں گے

پاؤں کی بدبو دور کرنے کا پاؤڈر

FOOT FRESH

سوڈیم پربوریٹ	30 گرام
سوپ سٹون	150 گرام
زنک آکسائیڈ	20 گرام

بنانے کا طریقہ

تمام اجزاء کو اچھی طرح یکجان کرلیں۔ پاؤں کی بدبو دور کرنے کے لئے بہترین پاؤڈر تیار ہے۔ اچھی پیکنگ میں پیک کرکے فروخت کریں۔

اس کے باقاعدہ استعمال سے پاؤں سے بدبو آنا بند ہوجاتی ہے۔

ڈرین اوپنر

اکثر اوقات باورچی خانہ اور واش روم کا ڈرین سسٹم بند ہوجاتا ہے۔ جس کو کھولنے کے لئے ایک بہترین فارمولہ ذیل میں درج ہے۔ بنائیں بیچیں اور خوب نفع کمائیں۔

پوٹاشیم ہائیڈروآکسائیڈ	9 کلوگرام
ایلومینیم پاؤڈر	100 گرام

دونوں کو یکجان کرلیں، تیار ہے۔ بہترین پیکنگ میں پیک کرکے فروخت کریں۔

بال سیاہ تیل

BLACK HAIR OIL

تلوں کا تیل	1 لیٹر
پھٹکڑی	1 چھٹانک
ہیرا کسیس	1/2 تولہ
سبز اخروٹ کا چھلکا	4 چھٹانک
مازو	1/2 چھٹانک

بنانے کا طریقہ

ڈبل جیکٹ بوائلر مکسر میں تمام اجزاء ایک ساتھ ڈال دیں اور نیچے ہلکی آنچ پر آگ جلا دیں اور اس میں 100 ملی لیٹر پانی بھی شامل کر دیں۔

جب پانی مکمل طور پر جل جائے اور صرف تیل ہی باقی رہ جائیں تو کپڑے سے چھان لیں یا فلٹر کر لیں۔ بہترین بال سیاہ تیل تیار ہے۔

تمام اجزاء کسی بھی اچھے پنسار اسٹور سے بآسانی دستیاب ہو جائیں گے۔

کاروبار میں کامیابی کے راز

۱۔کوئی بھی پراڈکٹ اس وقت تک بازار میں فروخت کے لئے پیش نا کریں جب تک آپ کو اس پراڈکٹ پر پورا یقین نا ہو اور آپ نے خود کئی بار تجربہ نا کرلیا ہو۔

۲۔خریدار کو کبھی بھی اپنا شکار نا سمجھیں۔

۳۔گاہک سے کبھی بھی دھوکہ نا کریں۔

۴۔اشتہار بازی میں سچائی سے کام لیں۔

۵۔سیلز ایجنٹس اور ڈیلرز کو ہر قسم کی سہولیات پہنچانے کی کوشش کریں۔

۶۔کسی بھی دوکان پر اپنا سٹاک ختم ہونے سے پہلے نیا سٹاک فراہم کردیں۔

۷۔اپنے ہم پیشہ افراد (Compatitors) سے باخبر رہیں۔ان سے بگاڑ نا پیدا کریں۔

۸۔اپنی پروڈکٹ میں موجود خامیون کو معلوم کر کے ان کو دور کرتے رہیں۔

۹۔اپنی فرم کا حساب کتاب باقاعدہ رکھیں۔

۱۰۔سوشل میڈیا و دیگر تمام جگھوں پر اپنی پروڈکٹ کی اچھی اشتہار بازی جاری رکھیں۔

کتاب میں لکھے گئے کیمکلز کے استعمال

ڈسٹلڈ واٹر

ڈسٹل واٹر وہ پانی ہے جسے بخارات میں ابال کر ایک علیحدہ کنٹینر میں دوبارہ مائع میں کنورٹ کیا جاتا ہے

ڈسٹل واٹر طبی آلات، لیڈ ایسڈ بیٹریوں، آٹوموٹو کولنگ سسٹم اور دیگر آلات کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ دیگر اسے جلد کی مصنوعات، کیننگ کی مصنوعات، اور لیبارٹری کے آلات کی صفائی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

پی۔جی

یہ اضافی پانی جذب کرنے اور بعض ادویات، کاسمیٹکس، یا کھانے کی مصنوعات میں نمی برقرار رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ کھانے کے رنگوں اور ذائقوں کے لیے اور پینٹ اور پلاسٹک کی صنعتوں میں سالوینٹ ہے۔ پروپیلین گلائکول کا استعمال مصنوعی دھواں یا دھند بنانے کے لیے بھی کیا جاتا ہے جسے آگ بجھانے کی تربیت اور تھیٹر کی تیاریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

گلیسرین

گلیسرین ڈینیچرنٹ، خوشبو کے اجزاء، ہیئر کنڈیشنگ ایجنٹ، ہیومیکٹنٹ، اورل کیئر ایجنٹ، اورل ہیلتھ کیئر ڈرگ، سکن پروٹیکٹنٹ، سکن کنڈیشنگ ایجنٹ، ہیومیکٹینٹ، اور واسکوسیٹی کم کرنے والے ایجنٹ کے طور پر کام کرتی ہے۔

ویزلین

جلد کی دیکھ بھال کو بچانے کے لیے، ماہر امراض جلد کے ماہرین پیٹرولیم جیلی کو استعمال کرنے کی تجویز کرتے ہیں

کروڈاویکس

Croda ایک ایملسیفائینگ ویکس کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس کا استعمال سورج سے بچاؤ، جسم کی دیکھ بھال، آنکھوں کے کنٹورنگ کی دیکھ بھال، چہرے اور ہونٹوں کا رنگ، چہرے/گردن کی جلد کی دیکھ بھال کے فارمولیشن میں کیا جاتا ہے۔

بیزویکس

اکثر، موم کو میک اپ کی مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ یہ ایک قدرتی ایملسیفائر ہے، جس سے میک اپ کے مائع اور تیل کے اجزاء کو ایک ساتھ باندھنے اور پکڑنے کی اجازت ملتی ہے۔ یہ ٹھوس مصنوعات جیسے لپ اسٹک کی موٹائی کو بڑھاتا ہے، انہیں ڈھانچہ دیتا ہے اور ہموار اطلاق کے لیے انہیں ٹھوس رکھتا ہے۔

سٹیرک ایسڈ

سٹیرک ایسڈ کا استعمال مصنوعات کو گاڑھا کرنے اور اجزاء کو ایک ساتھ باندھنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس میں موئسچرائزنگ اور اینٹی سوزش خصوصیات ہیں جو اس جزو کو کاسمیٹک اور سکن کیئر مصنوعات میں بہت مقبول انتخاب بناتے ہیں۔ جلد کی دیکھ بھال: یہ جلد کو نرم اور نمی رکھنے میں مدد کرتا ہے۔

سیٹرائل الکوحل

Cetearyl الکحل کا استعمال جلد اور بالوں کو نرم کرنے اور کاسمیٹک مصنوعات جیسے لوشن اور بالوں کی مصنوعات کو گاڑھا اور مستحکم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔cetearyl الکحل خشک جلد کو آرام دہ اور شفا دینے کے لئے ایک مؤثر جزو سمجھا جاتا ہے.

سیلی سیلک ایسڈ

سیلیسیلک ایسڈ کاسمیٹکس انڈسٹری میں اس کی ایکسفولیٹنگ اور اینٹی سپٹک خصوصیات کے لیے بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ مہاسوں اور مسوں کے علاج میں ڈرمیٹالوجسٹ کے ذریعہ تجویز کیا جاتا ہے۔ یہ کچھ اینٹی ڈینڈرف مصنوعات میں پایا جاتا ہے۔ یہ مائکروجنزموں کی نشوونما کے خلاف فارمولوں کی حفاظت کے لئے ایک محافظ (Preservative) کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

ایلفا آربیوٹین

جلد کی دیکھ بھال کے جزو ALPHA-ARBUTIN کے ساتھ کاسمیٹک مصنوعات عام طور پر ٹائروسینیز کو روکتی ہیں،۔ ALPHA-ARBUTIN UV کی نمائش کے بعد جلد کی ٹیننگ کی ڈگری کو کم کرتا ہے اور جلد کے دھبوں کی ظاہری شکل کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔

ای۔ڈی۔ٹی۔اے

EDTA ایک چیلیٹر کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ دھاتی آئنوں کو" پکڑتا ہے" جو کاسمیٹک مصنوعات کے استحکام اور/ یا ظاہری شکل کو متاثر کرسکتا ہے۔EDTA کو پانی کی سختی کا مقابلہ

کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

زنک آکسائیڈ

زنک آکسائیڈ کا مندرجہ ذیل افعال کے ساتھ کاسمیٹک مصنوعات میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے: بلکنگ، جلد کی حفاظت اور UV جذب کرنے والے کے طور پر.

ٹائی ٹانیم ڈائی آکسائیڈ

ٹائٹینیم ڈائی آکسائیڈ ($TiO2$) کا استعمال ذاتی نگہداشت کی متعدد مصنوعات میں کیا جاتا ہے، بشمول سن اسکرین، پریسڈ پاؤڈر، اور لوز پاؤڈر، لوشن اور کریموں میں (جلدی کی نمائش) بطور یووی فلٹر یا سفید کرنے والے ایجنٹ کے۔

کوجک ایسڈ

کوجک ایسڈ بعض اوقات صحت اور خوبصورتی کی مصنوعات میں جلد کو لائٹ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ جلد کی حالتوں کے علاج کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے سورج سے پہنچنے والے نقصان، نشانات، اور ایج سپاٹس۔ کوجک ایسڈ لائٹننگ ایجنٹ کے طور پر کیسے کام کرتا ہے اس کے پیچھے سائنس میں میلانین کی پیداوار پر اس کا اثر شامل ہے۔

ایم۔پی

نقصان دہ بیکٹیریا کی افزائش کو روکنے کے لیے کاسمیٹکس میں پرزرویٹوز کا استعمال کیا جا سکتا ہے تاکہ مصنوعات اور صارفین دونوں کی حفاظت کی جا سکے۔ کاسمیٹکس میں عام طور پر استعمال ہونے والے پیرابینز میتھل پیرابین، پروپیلپرابین، بیوٹیلپارابین، اور ایتھل پیرابین ہیں۔

پی۔پی

یہ ایملشن کو مستحکم کرنے میں مدد کرتا ہے اور کریمی لیکن ہلکی ساخت فراہم کرتا ہے۔

وٹامن ای

اپنی اینٹی آکسیڈنٹ خصوصیات کی وجہ سے، کاسمیٹکس میں موجود وٹامن ای فارمولے کو آکسیڈیشن سے بچانے میں مدد کرتا ہے۔ یہ سورج کی کرنوں کی وجہ سے آزاد ریڈیکلز اور آلودگی کے عمل کو بھی کم کرتا ہے۔ اس لیے وٹامن ای جلد کی قبل از وقت عمر بڑھنے سے روکتا ہے۔

لینولین سفید

لینولین کا استعمال جلد، بالوں اور ناخنوں کو نمی بخشنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ جلد کے چکنا کرنے والے کے طور پر کام کرتا ہے، جو اسے نرم اور ہموار شکل دیتا ہے۔ یہ کاسمیٹکس اور ذاتی نگہداشت کی مصنوعات میں استعمال ہونے والے تقریباً کسی بھی دوسرے مادے کے ساتھ ایملشن اور مرکب بنانے میں مدد کرتا ہے۔ لانولین میں چپکنے والی خصوصیات بھی ہیں۔

لیکٹک ایسڈ

لیکٹک ایسڈ کا استعمال جلد کو نرمی سے نکالنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ نمی کو فروغ دیتا ہے، مردہ خلیوں کے انخلاء اور خلیوں کی تجدید کرتا ہے۔ یہ جلد میں نمی کو نرم اور برقرار رکھنے میں مدد کرتا ہے، اور اسے چمک دیتا ہے۔ یہ جلد کی پی ایچ کو برقرار رکھنے میں بھی مدد کرتا ہے۔

مرکیورک کلورائیڈ

مرکورک کلورائیڈ کچھ جلد کی کریموں میں پایا جاتا ہے۔ یہ کریمیں عمر کے دھبوں کو ہلکا کرنے یا جھریوں، مہاسوں یا دیگر داغوں سے چھٹکارا پانے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔

آرسینک

یہ ٹوائلٹ آف فلورا میں کیل ٹریٹمنٹ کے ساتھ ساتھ آرنلڈ جے کولی کی 1866 کی کتاب The Toilet and Cosmetic Arts in Ancient and Modern Times میں ٹوتھ سیمنٹ، کاسمیٹک واش اور ہیئر ڈائی کی ترکیبیں میں ایک جزو ہے۔

سوڈیم لاورتھ سلفیٹ

1930 کی دہائی سے شیمپو میں ایک جزو رہا ہے۔ یہ سرفیکٹنٹ کے طور پر کام کرتا ہے، بالوں میں تیل اور گندگی کو صاف کرتا ہے تاکہ اسے پانی سے دھویا جاسکے۔ ایک مؤثر فومنگ ایجنٹ، SLS جسم اور ہاتھ دھونے، چہرے کو صاف کرنے والے اور بلبلے جیسی مصنوعات میں بھرپور جھاگ بنانے میں مدد کرسکتا ہے۔

امونیم لاورتھ سلفیٹ

امونیم لاورتھ سلفیٹ آپ کو بالوں میں زیادہ آسانی سے شیمپو کرنے کی اجازت دیتا ہے، جس سے ہم شیمپو سے تازہ اور صاف ستھرا احساس کریں گے۔ سرفیکٹینٹس بالوں کو کنڈیشنڈ اور نرم محسوس کرتے ہیں۔ ہمارے تمام سلفیٹ محفوظ استعمال کی طویل تاریخ کے ساتھ محفوظ مصنوعی سرفیکٹینٹس ہیں۔

ڈائی میتھی کونول

Dimethiconol ایک قسم کا سلیکون ہے جو پانی میں گھل جاتا ہے اور آپ کے بالوں کے لیے اچھا ہے۔ dimethiconol کا بنیادی مقصد نمی میں سیل کرنا اور ناپسندیدہ عناصر کو باہر رکھنا ہے۔ یہ بالوں کو چکنا اور ہموار محسوس کرنے کے لیے کوٹ کرتا ہے۔ مختصراً، یہ جز ہے جو دھونے کے بعد آپ کے بالوں کو چمکدار اور سلکی محسوس کراتا ہے۔

کوکوبیٹین

Cocamidopropyl betaine کو شیمپو میں ایملسیفائنگ ایجنٹ، گاڑھا کرنے والا، اینٹی سٹیٹک ایجنٹ اور فوم بوسٹر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اکریلک پولیمر

اس کا استعمال مختلف مصنوعات جیسے شیمپو، باڈی لوشن، نیل پینٹ وغیرہ میں کیا جاتا ہے۔ جلد کے لیے ایکریلیٹس کو پولیمر کے فوائد ہیں جیسے ہموار اور نرم کرنا۔ یہ جلد پر ایک فلم یا رکاوٹ بناتا ہے جس کے نتیجے میں ہموار احساس ہوتا ہے۔ یہ فارمولیشنز کی ساخت کو بہتر بنانے کے لیے گاڑھا کرنے والے ایجنٹ کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

سوڈیم بینزوویٹ

اس کی خصوصیات کی وجہ سے، سوڈیم بینزویٹ کو تیزابی پی ایچ کے ساتھ کھانے کی مصنوعات کو محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جیسے پھلوں کا گودا اور پیوری، جام، اچار، مارجرین، زیتون، ڈبہ بند سبزیاں، اور سلاد۔

سٹرک ایسڈ

سکن کیئر فارمولیشنز میں، سائٹرک ایسڈ میں حفاظتی اینٹی آکسیڈنٹ اور اصلاحی اینٹی ایجنگ اثرات ہوتے ہیں جو فوٹو ڈیمج کی ظاہری علامات کو ریورس کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ سائٹرک ایسڈ جلد کے مردہ خلیوں کی اوپری تہہ کو نکال کر چھیدوں کو صاف کرنے میں مدد کرتا ہے، یہاں تک کہ جلد کا رنگ اور جلد کو نرم اور ہموار کرتا ہے۔

میگنیشیم نائٹریٹ

میگنیشیم نائٹریٹ ایک بو کے بغیر، بے رنگ یا سفید، کرسٹل (ریت کی طرح) ٹھوس ہے۔ یہ پیٹرو کیمیکل بنانے اور پائرو ٹیکنکس میں ایک کیٹالسٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

بائیوٹین

بایوٹین کریموں کی ساخت کو بہتر بناتا ہے اور بالوں میں جسم اور چمک میں اضافہ کرتا ہے۔ بایوٹین میں موئسچرائزنگ اور ہموار کرنے کی خصوصیات ہیں اور یہ ٹوٹے ہوئے ناخنوں کو بہتر بنانے میں بھی مدد کر سکتی ہے۔

میگنیشئم کلورائڈ

میگنیشیم کلورائد ایک نمک کا ضمنی پروڈکٹ ہے جو کاسمیٹک مصنوعات کی ساخت کو بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جو اکثر گوار پر مبنی، سیلولوز، یا گم پر مبنی گاڑھا کرنے والوں کے ساتھ مل جاتا ہے۔ میگنیشیم کے ساتھ، یہ جلد کے لیے دیگر ٹریس معدنیات، جیسے کاپر، پوٹاشیم اور سیلینیم کا اچھا ذریعہ ہے۔

ڈی۔ایم۔ڈی۔ایم ہائڈانٹائن

DMDM hydantoin کاسمیٹکس اور ذاتی نگہداشت کی مصنوعات میں ایک محافظ ہے۔ یہ شیمپو اور ہیئر کنڈیشنز جیسی مصنوعات میں اور جلد کی دیکھ بھال کرنے والی مصنوعات جیسے موئسچرائزرز اور میک اپ فاؤنڈیشنز میں خرابی کو سست اور روک کر کام کرتا ہے۔

سوڈیم کلورائڈ

سوڈیم کلورائد ایک آئنک مرکب ہے جو کاسمیٹکس اور ذاتی نگہداشت کی مصنوعات میں ملٹی فنکشنل جزو کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ کاسمیٹکس میں بائنڈر، ہلکا کھرچنے والا، گاڑھا کرنے والا، اور محافظ کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہ ذاتی نگہداشت کی متعدد مصنوعات جیسے ٹوتھ پیسٹ، شیمپو، میک اپ، جلد اور غسل کی مصنوعات وغیرہ میں پایا جاتا ہے۔

KD

الفونل کے ڈی ایک نانونک سرفیکٹنٹ ہے جو عام طور پر ذاتی نگہداشت کی مصنوعات، کاسمیٹکس، لانڈری اور گھریلو صابن کی تشکیل میں استعمال ہوتا ہے یہ گیلا کرنے والے ایجنٹ، فوم بوسٹر اور اسٹیبلائزر، بال/ فائبر سافٹنر، اینٹی سٹیٹک اور ری فیٹنگ ایجنٹ، پرفیوم فکسنگ کے طور پر کام کرتا ہے۔

ایسڈ تھکنر

یہ تیزاب کو گاڑھا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

ایچ۔سی۔ایل

HCl نامیاتی مرکبات کی تیاری، غیر نامیاتی مرکبات کی تیاری، دھاتی داغوں کو دور کرنے، تیل

کی پیداوار، ٹیبل سالٹ کی صفائی اور پی ایچ کنٹرول میں استعمال ہوتا ہے۔

Triethanolamaine

ٹرائیتھانولامین ایک چپچپا مائع ہے جو بڑے پیمانے پر سنکرن روکنے والے، سطح پر فعال ایجنٹ اور دھاتی کام کرنے والے مائعات، تیل، ایندھن، پینٹ، سیاہی، سیمنٹ، کاسمیٹک اور ذاتی مصنوعات کے ساتھ ساتھ جڑی بوٹیوں سے متعلق اور الجسائڈ فارمولیشنز سمیت مختلف مصنوعات میں ایک انٹرمیڈیٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

Borax

بوریکس کو بعض اوقات ایملسیفائر، بفرنگ ایجنٹ، یا موئسچرائزنگ پروڈکٹس، کریم، شیمپو، جیل، لوشن، باتھ بم، اسکربس اور نہانے کے نمکیات کے تحفظ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Barium Sulphide

بیریم سلفائیڈ بال ہٹانے والے لوشن میں سب سے زیادہ فعال اور بڑے پیمانے پر استعمال ہونے والے اجزاء میں سے ایک ہے۔ بالوں کو ہٹانے کے لیے، یہ عام طور پر دیگر فعال مادوں کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔ یہ کیمیائی مالیکیول تقریباً 90 سال سے ادویات میں استعمال ہورہا ہے۔

بینزال ڈی ہائیڈ

بینزالڈ ہائڈ ایک خوشبودار الڈیہائڈ ہے جو کاسمیٹکس میں بطور ڈینیچرنٹ، ذائقہ دار ایجنٹ اور خوشبو کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

سلفیونک ایسڈ

ڈیٹرجینٹس جیسے صابن، واشنگ پاوڈر اور اس سے ملتی جلتی مصنوعات پانی اور چکنائی، گندگی اور دیگر گندگی کے درمیان سطح کے تناؤ کو زیادہ موثر صاف کرنے کے لیے سلفونک ایسڈ کا استعمال کرتے ہیں۔

کاسٹک لائی

کاسٹک لائی عمومی طور پر پروڈکٹس کی pH بیلنس کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

ایلم پاؤڈر

ایلم پاوڈر یا پھٹکڑی کا پاؤڈر سوزش یا جلد کی جلن کو دور کرتا ہے

ٹی ٹری آئل

ٹی ٹری آئل میں موجود کیمیکل بیکٹیریا، فنگس اور ذرات کو مار سکتے ہیں، اور سوجن کو کم کر کے جلد کی الرجک ردعمل کو کم کر سکتے ہیں۔ لوگ ٹی ٹری آئل کو مہاسوں، پیروں کے ناخنوں کی فنگس اور ایتھلیٹ کے پاؤں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

آئسو پروپائل الکحل

آئسو پروپل الکحل کا استعمال بیکٹیریل جلد کے انفیکشن، معمولی کٹ یا کھرچوں سے روکنے میں مدد کے لیے کیا جاتا ہے۔ صحت کی دیکھ بھال کی ترتیبات میں انفیکشن کو روکنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

سوڈاایش

سوڈاایش پاؤڈرڈٹرجنٹ اورصابن کی پیداوار میں اس کی اعلی الکلینٹی اورسرفیکٹنٹ خصوصیات کی وجہ سے ایک اہم جز ہے، جواسے کم پانی استعمال کرنے کے دوران داغوں کو ہٹانے میں صابن کی سالوینسی اورتاثیر کوبہتر بنانے کی اجازت دیتا ہے۔

TSP

ٹرائیسوڈیم فاسفیٹ ایک وقت میں مختلف قسم کے صارفین کے درجے کے صابن اورصابن کے لیے فارمولیشن میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے، اورٹرائیسوڈیم فاسفیٹ کا سب سے عام استعمال صفائی کے ایجنٹوں میں ہوتا ہے۔ 1٪ محلول کا pH 12 ہے (یعنی بہت بنیادی)، اوریہ محلول چکنائی اورتیل کوصاف کرنے کے لیے کافی حدتک الکلائن ہے۔

STTP

مصنوعات کی صفائی میں، STPP ریشوں اوردیگرمواد کوگھسنے کے لیے صابن کی صلاحیت کوبہتر بناتا ہے۔ یہ فومنگ میں بھی مدد کرتا ہے، اوراس کی پی ایچ بفرنگ کی صلاحیت اسے واٹرسافٹنر کے طور پر مفید بناتی ہے۔ گھریلو صفائی کی بہت سی مصنوعات جیسے کہ کچن اور باتھ روم کلینز میں STPP ہوتا ہے۔

کاربن ٹیٹراکلورائڈ

ڈرائی کلیننگ انڈسٹری میں صفائی کرنے والے ایجنٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

سوڈیم پربوریٹ

سوڈیم پربوریٹ کو جراثیم کش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ڈٹرجنٹ، بلیچ پاؤڈر، اور ذاتی نگہداشت کے فارمولیشنز کے اجزاء کا بھی حصہ ہے۔

پوٹاشیم ہائیڈروآکسائیڈ

KOH صابن، بائیوڈیزل، ٹیکسٹائل، بیٹریاں، فیول سیل، پینٹ، کلینزاور بہت کچھ کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔

ایلومینیم پاؤڈر

ایلومینیم پاؤڈر پینٹ، روغن، حفاظتی کوٹنگز، پرنٹنگ انکس، راکٹ فیول، دھماکہ خیز مواد، رگڑنے اورسیرامکس میں استعمال ہوتے ہیں۔

یہ کتاب انتہائی عرق ریزی اور باریک بینی سے اکٹھے کئے گئے

تجربات و فارمولوں پر مشتمل ہے۔ اسے خالص عوامی فلاح کی

نیت سے لکھا گیا ہے۔

کتاب میں دیئے گئے تمام فارمولے پہلے تھوڑی مقدار میں بنا کر

ٹیسٹ کریں۔ اچھے نتائج حاصل ہونے کی صورت میں ہی بڑی

مقدار میں بنا کر مارکیٹ میں پیش کریں۔

اس کتاب کو لکھنے والا اس کتاب کی مدد سے بنائی اور بیچی گئی

پراڈکٹس کے نفع/نقصان کا ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا